www.cpsglobal.org
www.mwkhan.com

الرسالہ
Al-Risala

March-April 2023 | Rs. 40

جو لوگ مخلوق کی بڑائیوں میں اٹکے ہوئے ہوں،
وہ خالق کی عظیم تر بڑائی کا ادراک نہیں کرسکتے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الرسالہ

March-April 2023 | Volume 48 | Issue 2

Prof. Farida Khanam
Editor-in-Chief

Dr Stuti Malhotra
Editor (Hindi Section)

Farhad Ahmad
Assistant Editor

Al-Risala
1, Nizamuddin West Market
New Delhi 110013
Mobile: 8588822679, Tel. 0120 4314871
Email: cs.alrisala@gmail.com

Annual Subscription Rates

Retail Price	₹ 40 per copy
Subscription by Book Post	₹ 200 per year
Subscription by Regd. Post	₹ 400 per year
Subscription (Abroad)	US $20 per year

Bank Details
Al-Risala Monthly
Punjab National Bank
A/c No. 0160002100010384
IFSC Code: PUNB0016000

To order books by
Maulana Wahiduddin Khan
please contact Goodword Books
Tel. 0120 4314871, Mobile: 8588822675
Email: sales@goodwordbooks.com

تحریر

مولانا وحید الدّین خاں

فہرست

مومن، متواضع انسان 4
تزکیہ کیا ہے 5
تین باتیں 6
امت کا امتحان 7
دریافت کی عظمت 8
آفاقی معرفت 9
عالمی انذار 11
ٹیم اسپرٹ 13
امت کا زوال 14
زوال کا ظاہرہ 15
تین ادوار 18
تمام مسائل کا حل 19
مذہبی رواداری، تالیفِ قلب 20
مطالعۂ حدیث 21
قولِ سدید یا متعین کلام 34
تضاد میں جینا 36
Turmoil یعنی پریشانی 37
حقیقی مومن 42
اولاد کی تربیت 43
کیپچا ٹسٹ 44
اقوالِ حکمت 45
بہت سے لوگ مولانا کے زیرِ بار ہیں 46
خبرنامہ اسلامی مرکز 47
ख़ुदा का फ़ैज़ान 51
कोई उस जैसा नहीं 62
आह इन्सान 53
कारण क्या है 54
फ़ितरी हक़ीक़त 56
परिवर्तन का नियम 57
क़ुदरत का फ़ैसला 59
मुजरिम कौन 60
ख़ुदा का सबूत 61
इन्तिक़ाम नहीं 62
मौत की ख़बर 65

Printed and published by Saniyasnain Khan on behalf of Al-Markazul Islami, New Delhi
Printed at Tara Art Printers Pvt. Ltd. A46-47, Sector 5, Noida-201301
Published from 1, Nizamuddin West Market, New Delhi-110013 Editor: Saniyasnain Khan

مومن، متواضع انسان

روایت میں آتا ہے کہ عمر فاروق نے اپنے آخری وقت میں یہ کلمہ کہا تھا: أَبَانُ بْنُ عُثْمَانَ عَنْ عُثْمَانَ قَالَ: آخِرُ كَلِمَةٍ قَالَهَا عُمَرُ حَتَّى قَضَى: وَيْلِي وَوَيْلُ أُمِّي إِنْ لَمْ يَغْفِرِ اللّٰهُ لِي. وَيْلِي وَوَيْلُ أُمِّي إِنْ لَمْ يَغْفِرِ اللّٰهُ لِي. وَيْلِي وَوَيْلُ أُمِّي إِنْ لَمْ يَغْفِرِ اللّٰهُ لِي (الطبقات الکبریٰ، جلد 3، صفحہ 275)۔ یعنی ابان، اپنے باپ عثمان بن عفان سے روایت کرتے ہیں، آخری کلمہ، جو حضرت عمر فاروق نے اپنے آخری وقت میں کہا تھا: بربادی ہے میرے لیے، اور بربادی ہے میری ماں کے لیے، اگر اللہ نے میری مغفرت نہ کی۔ بربادی ہے میرے لیے، اور بربادی ہے میری ماں کے لیے، اگر اللہ نے میری مغفرت نہ کی۔ بربادی ہے میرے لیے، اور بربادی ہے میری ماں کے لیے، اگر اللہ نے میری مغفرت نہ کی۔

واقعات بتاتے ہیں کہ اکثر صحابہ کا یہی احساس تھا۔ وہ اپنے بارے میں اسی قسم کے الفاظ بولتے تھے۔ حتی کہ وہ لوگ بھی جن کو عشرہ مبشرہ کہا جاتا ہے۔ ایسا کیوں ہے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ مومن آخری حد تک متواضع انسان ہوتا ہے۔ اللہ کی عظمت کا احساس اس پر اتنا زیادہ غالب ہوتا ہے کہ وہ اپنے آپ کو بے کچھ اور اللہ کو سب کچھ سمجھنے لگتا ہے۔ اس کو محسوس ہوتا ہے کہ اس کا کیس سراپا عجز کا کیس ہے، اور اس کے مقابلے میں اللہ رب العالمین کا کیس سراپا قدرت۔ اللہ رب العالمین دینے والا ہے، اور انسان اس کے مقابلے میں صرف پانے والا۔ اللہ رب العالمین پورے معنوں میں ایک کامل ہستی ہے، اس کے مقابلے میں انسان غیر کامل ہستی۔

اس قسم کی سوچ مومن کو ایک مختلف انسان بنا دیتی ہے۔ وہ اللہ رب العالمین کے ذکر و دعا میں جینے والا بن جاتا ہے۔ ایک مومن کی اصل ضرورت یہ ہے کہ وہ اپنے اندر یہ احساس ڈیولپ کرے، جس کو قرآن میں ان الفاظ میں بیان کیا گیا ہے: يَاأَيُّهَا النَّاسُ أَنْتُمُ الْفُقَرَاءُ إِلَى اللَّهِ وَاللَّهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ (35:15)۔ یعنی اے لوگو، تم اللہ کے محتاج ہو اور اللہ تو بے نیاز ہے، تعریف والا ہے۔ یہ کیفیت جب انسان پر غالب آجائے، تو اس کا وہی حال ہوتا ہے، جس کی تصویر ہم کو اصحابِ رسول کے یہاں نظر آتی ہے۔

تزکیہ کیا ہے

تزکیہ دراصل شخصیت کی دینی تعمیر کا دوسرا نام ہے۔ شخصیت کی تعمیر کا یہ عمل کسی خودساختہ کورس کے ذریعہ نہیں ہوتا، بلکہ وہ قرآن وسنت کے طریقہ کو اختیار کرنے سے انجام پاتا ہے۔ تزکیہ کا لفظی مطلب ہے پاک کرنا (purification)۔ پاک کرنا کیا ہے، اس کا جواب ایک حدیث رسول سے معلوم ہوتا ہے۔ اس حدیث کا ترجمہ یہ ہے: ہر پیدا ہونے والا فطرت پر پیدا ہوتا ہے، پھر اس کے والدین اس کو یہودی بنا دیتے ہیں، یا نصرانی یا مجوسی (صحیح البخاری، حدیث نمبر 1385)۔

اس حدیث رسول میں یہودی، نصرانی، اور مجوسی کا لفظ علامتی طور پر آیا ہے۔ اس سے مراد انسان کا پیدائشی ماحول ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ ہر آدمی ایک ماحول میں پیدا ہوتا ہے۔ یہ ماحول مسلسل طور پر اس کی کنڈیشننگ (conditioning) کرتا رہتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ اس کو پورے معنوں میں ایک کنڈیشنڈ انسان بنا دیتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ خالق کی طرف سے آدمی فطرت (nature) پر پیدا کیا جاتا ہے۔ لیکن پیدا ہونے کے بعد وہ اپنے ماحول سے متاثر ہونے لگتا ہے۔ یہاں تک کہ جب وہ پختگی کی عمر کو پہنچتا ہے تو اس کا حال یہ ہوتا ہے کہ جو انسان مسٹر نیچر کے طور پر پیدا ہوا تھا، وہ مسٹر کنڈیشنڈ انسان بن جاتا ہے۔ پیدائش کے وقت وہ ایک سادہ انسان ہوتا ہے، لیکن بعد کو ماحول کے اثر سے وہ اپنے ماحول کی پیداوار (product) بن جاتا ہے۔

تزکیہ یہ ہے کہ آدمی اپنا نگراں آپ بن جائے۔ وہ اپنے اندر خود احتسابی کی صلاحیت پیدا کرے۔ وہ اپنے آپ کو ماحول کی کنڈیشننگ سے بچا کر اپنی اصل فطرت پر خود کو قائم رکھے۔ تزکیہ ایک ایسا عمل ہے جو آدمی کو خود کرنا پڑتا ہے۔ آدمی کے اندر جب کوئی منفی سوچ آئے، جب وہ کسی بہکاوے (temptation) سے متاثر ہو کر فطرت کے راستے سے ہٹنے لگے تو اس کا داخلی محاسب فوراً اس کو چوکنا کر دے، اور وہ دوبارہ اپنی فطرت کی طرف واپس آجائے۔ اسی عمل کا نام تزکیہ ہے، اور یہی عمل آدمی کو ابدی جنت کا مستحق انسان بناتا ہے (طٰہٰ، 20:76)۔

تین باتیں

میرے نزدیک قرآن اور حدیث میں تین باتیں ایسی ہیں، جن کی واضح تشریح ابھی تک نہیں کی گئی۔ وہ تین باتیں یہ ہیں:

(1) سَنُرِيهِمْ آيَاتِنَا فِي الْآفَاقِ وَفِي أَنْفُسِهِمْ حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُ الْحَقُّ (41:53)۔

یعنی عنقریب ہم ان کو اپنی نشانیاں دکھائیں گے آفاق میں بھی اور خود ان کے اندر بھی۔ یہاں تک کہ ان پر ظاہر ہو جائے گا کہ یہ حق ہے۔

(2) إِنَّ اللهَ لَيُؤَيِّدُ هَذَا الدِّينَ بِالرَّجُلِ الفَاجِرِ (صحیح البخاری، حدیث نمبر 3062)۔ یعنی بیشک اللہ ضرور اس دین کی تائید فاجر انسان کے ذریعے کرے گا۔

(3) فِتْنَةُ الدُّهَيْمَاءِ، لَا تَدَعُ أَحَدًا مِنْ هَذِهِ الْأُمَّةِ إِلَّا لَطَمَتْهُ لَطْمَةً (سنن ابوداؤد، حدیث نمبر 4242)۔

یعنی (قیامت کے قریب) دہیماء کا فتنہ ہوگا، وہ اس امت میں سے کسی کو نہیں چھوڑے گا، مگر وہ اس کو ہٹ (hit) کرے گا۔

یہ تینوں باتیں پیشین گوئی کی نوعیت کی ہیں۔ مگر آج تک اس پیشین گوئی کی تعیین نہیں ہوئی۔ جن الفاظ میں یہ تینوں پیشین گوئیاں آئی ہیں، ان سے بظاہر یہ قیاس کیا جاسکتا ہے کہ یہ تینوں واقعات پیش آچکے ہیں۔ مگر کوئی ابھی تک یہ نہ بتا سکا کہ ان پیشین گوئیوں سے متعین طور پر کیا مراد ہے۔ اس مدت میں بے شمار سطریں لکھی گئی ہیں، اور بے شمار باتیں بولی گئی ہیں، مگر اسلام کی مذکورہ پیشین گوئیوں کے بارے میں کوئی تحقیقی بات اب تک سامنے نہ آسکی۔ یہ قوم کے فکری افلاس کی ایک نئی قسم ہے۔ وہ یہ ہے — الفاظ کی بھرمار کے باوجود معانی کا گم ہونا۔

راقم الحروف کا تجربہ ہے کہ پرنٹنگ پریس کے دور میں جتنے کاغذ سیاہ کیے گئے ہیں، اور جتنے الفاظ بولے یا لکھے گئے ہیں، وہ صرف بیسویں صدی میں اتنے زیادہ ہیں، جو پچھلی پوری تاریخ میں موجود نہ تھے۔ مگر دورِ جدید کے معیار کے مطابق، بامعنی کلام کا بظاہر وجود نظر نہیں آتا ہے۔ آپ کسی بھی تقریر یا تحریر کو دیکھیے، تو آپ خود محسوس کریں گے کہ اس میں کوئی ٹیک اوے قاری کے لیے موجود نہیں۔

امت کا امتحان

پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کا مشن دعوت الی اللہ کا مشن تھا۔ اس کام کی مطلوب انجام دہی کے لیے آپ کو یہ حکم دیا گیا کہ آپ ہر گز رُکون نہ کریں۔ اس سلسلہ میں قرآن کی آیت یہ ہے:

وَلَا تَرْكَنُوا إِلَى الَّذِينَ ظَلَمُوا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِنْ دُونِ اللَّهِ مِنْ أَوْلِيَاءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُونَ (11:113)۔ یعنی اور ان کی طرف نہ جھکو جنھوں نے ظلم کیا، ورنہ تم کو آگ پکڑ لے گی اور اللہ کے سوا تمہارا کوئی مددگار نہیں، پھر تم کہیں مدد نہ پاؤ گے۔

رکون کے معنی ہیں جھکاؤ (tilt)، الگ ہونا۔ یعنی قوم کے تقاضے، لوگوں کا دباؤ، حالات کی مصلحت، اس قسم کی مختلف چیزیں داعی کے اندر رُکون (دعوت سے دوری) کا ذہن پیدا کرتی ہیں۔ لیکن پیغمبر کو سختی کے ساتھ حکم تھا کہ وہ کسی بھی دباؤ کا اثر قبول نہ کرے۔ وہ سختی کے ساتھ دعوت کے بتائے ہوئے اصولوں پر قائم رہتے ہوئے اپنا دعوتی مشن جاری رکھے، وہ حالات کے اثر سے جھکاؤ کا شکار نہ ہو۔

دعوت کے مشن میں استقامت کا یہ اصول جس طرح پیغمبر کے لیے تھا اسی طرح پیغمبر کی امت کے لیے بھی ہے۔ اس معاملہ میں امت اپنے پیغمبر کی نمائندہ ہے اور نمائندہ کو یہ حق نہیں ہوتا کہ وہ اس معاملہ میں کسی بھی جھکاؤ کو قبول کر کے اصل مشن میں کسی قسم کی تبدیلی کرے۔ اگر وہ تبدیلی کا ارتکاب کرے تو اس کے لیے بھی یقینی طور پر اسی پکڑ کا اندیشہ ہے جس کا ذکر اوپر کی آیت میں پیغمبر کے لیے کیا گیا۔ دعوت الی اللہ کے کام کے لیے یہ لازمی شرط ہے۔ اس شرط کے بغیر دعوت الی اللہ کا کام درست طور پر انجام نہیں دیا جا سکتا، اور جب دعوت الی اللہ کا کام درست طور پر انجام نہ دیا جائے تو وہ مقصد ادا نہیں ہوتا جو دعوت الی اللہ کا مطلوب ہے، یعنی قوموں پر اللہ کی حجت ادا نہیں ہوتی (النساء، 4:165)۔

دعوت الی اللہ کا کام ایک مختلف نوعیت کا کام ہے۔ اس میں دوسرے تمام تقاضوں کو الگ رکھنا پڑتا ہے۔ مثلاً قومی تقاضے، مادی تقاضے، عوامی تقاضے، وغیرہ۔ ان تقاضوں سے بچتے ہوئے

دعوت کا کام کرنا بلاشبہ ایک سخت کام ہے۔ لیکن امت کو ہر حال میں یہ کرنا ہے کہ وہ دوسرے تمام تقاضوں کا اثر قبول نہ کرتے ہوئے اس خدائی مشن کو جاری رکھے۔ یہی امت کا امتحان ہے۔ اس امتحان میں پورا ہونا امت محمدی کو امت محمدی بناتا ہے اور اگر امت اس امتحان میں ناکام رہے تو خود یہ امر مشتبہ ہوجائے گا کہ وہ اللہ کے یہاں امت محمدی کی حیثیت سے قبول کی جائے گی یا نہیں۔

دریافت کی عظمت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مکی دور کا واقعہ ہے۔ آپ کے چچا ابوطالب نے ایک بار آپ کو بلایا اور کہا کہ قوم کے ساتھ مصالحت کا انداز اختیار کرو۔ اِس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: يَا عَمِّ لَوْ وُضِعَتِ الشَّمْسُ فِي يَمِينِي وَالْقَمَرُ فِي يَسَارِي مَا تَرَكْتُ الْأَمْر (سیرۃ ابن اسحاق، صفحہ 154)۔ یعنی اے میرے چچا، اگر یہ لوگ ایسا کریں کہ وہ میرے دائیں ہاتھ میں سورج رکھ دیں اور میرے بائیں ہاتھ میں چاندرکھ دیں، تب بھی میں اِس کام کو نہیں چھوڑوں گا۔

اِس واقعے سے ایک نہایت اہم اصول معلوم ہوتا ہے، وہ یہ کہ— جتنی بڑی دریافت، اتنی بڑی عزیمت (determination)۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کا مذکورہ قول بھی ایک سنتِ رسول ہے۔ وہ ایک واقعے کی صورت میں ایک عظیم حقیقت کو بتاتا ہے، وہ یہ کہ ایک بڑی دریافت تمام دوسری چیزوں کو چھوٹا کردیتی ہے۔ ایسا آدمی کسی قسم کے رکون (ہود، 11:113) کا تحمل نہیں کرسکتا۔

اگر آدمی ایک ایسی حقیقت پر کھڑا ہوا ہو جو اس کے لیے سورج اور چاند سے بھی زیادہ بڑی ہے تو ہر دوسری چیز اس کی نظر میں چھوٹی ہوجائے گی۔ ایسا آدمی کسی بھی عذر کو لے کر اپنے موقف کے معاملے میں مصالحت کا انداز اختیار نہیں کرسکتا۔ اس کے برعکس، اگر آپ کسی شخص کے اندر یہ بات پائیں کہ وہ قوم کے اندر برائی دیکھتا ہے، لیکن وہ اپنے مادی انٹرسٹ کی بنا پر اس کی مذمت نہیں کرتا تو سمجھ لیجیے کہ اس کو دین کے نام پر جو چیز ملی ہے، وہ اس کے نزدیک عملاً اتنی اہم نہیں کہ مادی مصلحت اس کے لیے قربان کردی جائے۔

آفاقی معرفت

قرآن میں ایک آیت ان الفاظ میں آئی ہے: سَنُرِيهِمْ آيَاتِنَا فِي الْآفَاقِ وَفِي أَنْفُسِهِمْ حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُ الْحَقُّ أَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ أَنَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ (41:53)۔ یعنی مستقبل میں ہم ان کو دکھائیں گے اپنی نشانیاں، آفاق میں اور انفس میں۔ یہاں تک کہ ان پر واضح ہو جائے کہ یہ حق ہے۔ اور کیا یہ بات کافی نہیں کہ تیرا رب ہر چیز کا گواہ ہے۔

قرآن کی اس آیت میں مستقبل میں پیش آنے والے ایک واقعے کی خبر دی گئی ہے۔ یہ وہی چیز ہے، جس کو تاریخ میں ایج آف ریزن (age of reason) کہا جاتا ہے۔ یعنی قرآن سے پہلے جو دور تھا، وہ ایسا دور تھا، جس میں سننے اور ماننے کی بنیاد پر ایمان کو قبول کیا جاتا تھا۔ لیکن قرآن کے بعد وہ دور آنے والا تھا، جو عقلی طرزِ فکر کا دور ہوگا۔ اس دور میں ریزن کی بنیاد پر ایمان کو مانا جائے گا۔

کائنات میں غور و فکر کرنا اس حقیقت کو معلوم کرنے کے لیے کافی ہے کہ اس کائنات کا ایک خالق ہے۔ کائنات (universe) خالق کے لیے اپنا ثبوت آپ ہے۔ کائنات میں فطرت کے جن حقائق کو بیان کیا گیا تھا، وہ بعد کے مطالعے کے ذریعے عین ثابت شدہ حقیقت بن گئی ہیں۔

قرآن کی اس آیت میں مستقبل کے ایک واقعے کی پیشگی خبر دی گئی ہے۔ جب یہ واقعہ ظاہر ہوگا تو قرآن کا دعویٰ آخری طور پر ثابت ہو جائے گا کہ اس کائنات کا ایک خالق ہے، اور انسان پر لازم ہے کہ وہ اس خالق کو مان کر دنیا میں اپنی زندگی گزارے۔ اس آیت کے نزول کے وقت یہ واقعہ پیش نہیں آیا تھا، وہ مستقبل میں ظاہر ہونے والا تھا۔ اب سوال یہ ہے کہ مستقبل کا یہ واقعہ کب اور کہاں ظاہر ہوگا۔ ہماری تفسیروں میں اس کا جواب نہیں ملتا۔ قرآن کے قاری پر لازم ہے کہ وہ مستقبل کے اس واقعے کو دریافت کرے، اور اس کے مطابق، اپنی زندگی کی تعمیر کرے۔

غور کیا جائے تو مغرب میں پیدا ہونے والی طبیعیاتی سائنس اس سوال کا جواب ہے۔ آئن اسٹائن نے کہا ہے کہ گلیلیو گلیلی طبیعیاتی سائنس کا فادر (father of modern science) ہے، یعنی اس

سائنس کا آغاز کرنے والا۔ سائنس کی تاریخ بتاتی ہے کہ یہ آغاز گلیلیو گلیلی (1642-1564ء) کی دریافت سے ہوا۔ اس سے پہلے بطور واقعہ (potentially) سائنس موجود تھی۔ لیکن اب تک وہ انسان کے علم میں نہیں آئی تھی۔ گلیلیو کے زمانے میں سائنس کا علم ڈیولپ ہوا۔ اس کے بعد پہلی بار دوربینی مطالعہ کے ذریعے انسان نے شمسی نظام (solar system) کے بارے میں معلومات حاصل کی۔ دوربینی مطالعے کے ذریعے پہلی بار انسان نے یہ جانا کہ سورج سولر سسٹم کا مرکز ہے۔ زمین سولر سسٹم کا مرکز نہیں ہے، جیسا کہ پہلے سمجھا جاتا تھا۔

حدیث میں کہا گیا ہے کہ اللہ فاجر (سیکولر) انسان کے ذریعے دین کی مدد کرے گا (مسند الشہاب القضاعی، حدیث نمبر 1096)۔ میرے اندازے کے مطابق، جدید دور میں یہ سیکولر انسان غالباً گلیلیو گلیلی ہے۔ گلیلیو گلیلی نے دوربین کے ذریعے نظام شمسی کا مطالعہ کیا تو یہ حقیقت دریافت ہوئی کہ شمسی نظام سورج مرکزی ہے، نہ کہ زمین مرکزی۔ اس دریافت کے بعد فلکیاتی علم میں ایک نیا انقلابی دور آیا۔ غالباً یہ اٹلی کا سائنس داں گلیلیو گلیلی تھا، جس کے بعد فلکیاتی مشاہدے کا دروازہ کھلا۔

اسی طرح سے برٹش سائنس داں نیوٹن (1727-1643ء) کے ذریعے سائنسی مطالعے کا سفر مزید آگے بڑھا۔ اس قسم کے تمام سائنس داں بظاہر قرآن کی مذکورہ آیت کی تائید کرتے ہیں۔ کائنات کا یہ طریقِ مطالعہ جو شروع ہوا، اس کو سائنسی مطالعہ کہا جاتا ہے۔ اس کے بعد ہی وہ دور آیا، جس کو سائنسی دور کہا جاتا ہے۔ اسی مطالعے کے ذریعے اعلی سطح پر آفاق اور انفس کی نشانیوں (دلائل الٰہی) کا اظہار ہوا، جس کی پیشین گوئی قرآن میں کی گئی تھی (فصلت، 41:53)۔

تاریخ کا مطالعہ بتاتا ہے کہ قرآن کے نزول کی ابتدا عیسوی کیلنڈر کے مطابق 609 میں ہوئی۔ تقریباً اسی زمانے میں یورپ میں ایک اور عمل شروع ہوا، جس کا نقطۂ انتہا (culmination) یہ تھا کہ انگریزی زبان دنیا کی انٹرنیشنل زبان بن جائے، اور کائنات میں بالقوۃ موجود نشانیاں سائنسی تحقیق کے ذریعے سامنے آجائیں۔ واقعات بتاتے ہیں کہ اس آفاقی معرفت کا ظہور عملاً واقع ہو چکا ہے۔ اب ضرورت صرف یہ ہے کہ اس کو دریافت کیا جائے، اور اس کو اسلامی دعوت کے لیے استعمال کیا جائے۔

عالمی انذار

قرآن کی ایک آیت ان الفاظ میں آئی ہے: تَبَارَكَ الَّذِي نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلَى عَبْدِهِ لِيَكُونَ لِلْعَالَمِينَ نَذِيرًا (25:1)۔ یعنی بڑی بابرکت ہے وہ ذات جس نے اپنے بندے پر فرقان اتارا تاکہ وہ جہان والوں کے لئے آگاہ کرنے والا ہو۔ اس موضوع پر قرآن کی ایک اور آیت یہ ہے: وَأُوحِيَ إِلَيَّ هَذَا الْقُرْآنُ لِأُنْذِرَكُمْ بِهِ وَمَنْ بَلَغَ (6:19)۔ یعنی اور میری طرف یہ قرآن وحی کیا گیا ہے کہ میں بھی اس کے ذریعہ سے تم کو آگاہ کروں، اور وہ بھی جن کو یہ پہنچے۔

قرآن کی ان دونوں آیتوں کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ قرآن اس لیے اترا تھا کہ وہ اہل عالم کے لیے منذر بنے، یعنی آگاہ کرنے والا۔ رسول اور اصحابِ رسول نے قرآن کے زمانۂ نزول میں براہ راست طور پر قرآن کو اپنے معاصرین تک پہنچایا۔ اس کے بعد دوسرا مطلوب یہ تھا کہ رسول اور اصحابِ رسول کے بعد کے اہل ایمان آنے والی نسلوں تک قرآن کی تعلیمات کو پہنچائیں۔

تاریخ کا مطالعہ بتاتا ہے کہ رسول اور اصحابِ رسول کے زمانے میں پرنٹنگ پریس اور اشاعت کے عالمی ذرائع وجود میں نہیں آئے تھے۔ اس لیے انھوں نے اپنے معاصرین تک قرآن کو اس طرح پہنچایا کہ قرآن کو حافظے (memory) میں محفوظ کرلیا، اور اہل عرب تک وہ اس کو پڑھ کر پہنچاتے رہے۔ گویا کہ وہ اپنے زمانے کے عربی داں لوگوں کے لیے قرآن کے مقری (reciter) بنے رہے۔ مگر بعد کے زمانے میں انذار کا یہ پراسس عملاً رک گیا۔

اب سوال یہ ہے کہ بعد کے زمانے کے حالات کا علم اللہ رب العالمین کو بلا شبہ تھا۔ پھر اللہ رب العالمین نے اس کے لیے کیا انتظام کیا۔ اس سوال کا جواب احادیث سے معلوم ہوتا ہے۔ احادیثِ رسول کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ حدیث میں پیشین گوئی کے طور پر یہ بتایا گیا تھا کہ بعد کے زمانے میں غیر اہل ایمان میں دین کے مؤیدین (supporters) پیدا ہوں گے۔ یہ پیشین گوئی حدیث کی مختلف کتابوں میں آئی ہے۔ ایک روایت کے الفاظ یہ ہیں: إِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ

لَيُؤَيِّدُ الْإِسْلَامَ بِرِجَالٍ مَا هُمْ مِنْ أَهْلِهِ (المعجم الکبیر للطبرانی، حدیث نمبر 14640)۔یعنی، اللہ تعالیٰ ضرور اسلام کی تائید ایسے لوگوں سے کرے گا، جو اہل اسلام میں سے نہ ہوں گے۔

مزید مطالعہ کے ذریعے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ سپورٹر وہ تھے، جنھوں نے بعد کے زمانے میں پرنٹنگ پریس اور کاغذ (paper) جیسی چیزیں ایجاد کیں۔ انھوں نے ایسی ٹکنالوجی دریافت کی، جس کے ذریعے یہ ہوا کہ دنیا میں ایک نیا دور آ گیا، جس کو ایج آف کمیونی کیشن کہا جاتا ہے۔

اس معاملے میں قرآن کے ساتھ احادیثِ رسول کو شامل کرکے مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ بعد کے زمانے کے لوگوں نے تائید کا وہ کام انجام دیا، جس کی پیشین گوئی حدیث میں کی گئی تھی۔ اب اہل ایمان کا یہ کام تھا کہ وہ غیر اہل دین کی اس تائید کو دریافت کریں، اور اس کو عالمی سطح پر انسانوں کو خدا کے منصوبۂ تخلیق سے باخبر کرنے کے لیے استعمال کریں۔ یعنی بعد کے اہل ایمان کو یہ کرنا تھا کہ وہ قرآن کے محفوظ عربی متن کا قابلِ فہم ترجمہ ہر زبان میں تیار کریں، اور بعد کے پیدا شدہ ذرائع، پرنٹنگ پریس اور کمیونی کیشن کو استعمال کرکے قرآن کو لوگوں کی قابلِ فہم زبان میں ساری دنیا میں پہنچائیں۔ دوسرے لفظوں میں یہ کہ دورِ اول کے اہل ایمان قرآن کے ابلاغ کے لیے مُقری (reciter) بنے تھے، بعد کے اہل ایمان مطبوعہ تراجمِ قرآن کے عالمی ڈسٹری بیوٹر بن جائیں۔

یہ اللہ رب العالمین کی پلاننگ تھی۔ جس طرح زراعت کے لیے پہلے آسمان سے بارش ہوتی ہے، اس کے بعد کسان اس پانی کو استعمال کرکے مٹی (soil) پر زرعی عمل کرتا ہے، وہ اناج اگاتا ہے، اور پھر سارے انسان کو غذا فراہم ہوتی ہے۔ اسی طرح بعد کے اہل ایمان کو یہ کرنا ہے کہ جب دنیا میں دورِ ابلاغ (age of communication) آئے، تو وہ احادیثِ رسول کی پیشین گوئی کو اس کے تطبیقی پہلو (applied way) کے اعتبار سے پڑھیں، اور اللہ رب العالمین کی پلاننگ کو سمجھ کر آگے بڑھیں، وہ ایج آف کمیونی کیشن کو بھر پور طور پر استعمال کریں، اور اللہ کے پیغام کو ساری دنیا میں پہنچا دیں۔ اب آخر وقت آ گیا ہے کہ اس منصوبہ کو مکمل کیا جائے، اور جدید ذرائع کو استعمال کرکے لوگوں کی قابلِ فہم زبان میں قرآن کو عالمی سطح پر پہنچا دیا جائے۔

ٹیم اسپرٹ

قرآن کا ایک اسلوب ہے— وقتی ریفرنس میں ایک ابدی اصول بتانا۔ اس کی ایک مثال قرآن کی یہ آیت ہے: إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِهِ صَفًّا كَأَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَرْصُوصٌ (61:4)۔ یعنی خدا ان لوگوں کو پسند کرتا ہے جو اس کے راستہ میں اس طرح مل کر لڑتے ہیں گویا وہ ایک سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہیں۔

قرآن کی اس آیت میں قتال کی بات وقتی ریفرنس کے طور پر ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اس آیت میں ایک ابدی اصول کو بتایا گیا ہے۔ وہ اصول یہ ہے کہ اس دنیا میں کوئی نتیجہ خیز اجتماعی کام انجام دینے کے لیے ہمیشہ ٹیم اسپرٹ کی ضرورت ہوتی ہے۔ یعنی ایسے افراد جو کامل اتحاد کے ساتھ کام کریں۔ اتحاد کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ان کے درمیان کوئی اختلاف نہ ہو، اس لیے وہ باہم متحد ہوجائیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اختلاف فطرت کا لازمی حصہ ہے۔ اس لیے ٹیم اسپرٹ والا اتحاد صرف ان لوگوں کے درمیان وقوع میں آتا ہے جو اختلاف کے باوجود متحد ہونا جانتے ہوں۔

کوئی ٹیم خواہ وہ کتنی ہی زیادہ معیاری ٹیم ہو، لیکن ٹیم کے افراد میں اختلاف کا پیدا ہونا، ایک فطری امر ہے۔ اس دنیا میں ہر ٹیم زندہ انسانوں کی ٹیم ہوتی ہے، وہ مشینی روبوٹ کی ٹیم نہیں ہوتی۔ اگر مشینی روبوٹ کی ٹیم بنائی جائے تو اس کے اندر کبھی اختلاف واقع نہیں ہوگا۔ لیکن زندہ انسانوں کی ٹیم میں اختلاف کا پیدا ہونا ضروری ہے۔ ایسی حالت میں اصل ضرورت یہ نہیں ہے کہ لوگوں کے درمیان اختلاف پیدا نہ ہو۔ بلکہ اصل ضرورت یہ ہے کہ لوگ اختلاف کے باوجود متحد ہو کر رہنا جانتے ہوں۔

اختلاف اپنی ذات میں کوئی بری چیز نہیں، بلکہ وہ صحت مند انسان کی علامت ہے۔ انسان کو چاہیے کہ وہ اختلاف سے ناموافق اثر نہ لے، بلکہ وہ اختلاف کو مثبت انداز میں ہینڈل کرنا جانتا ہو۔ اختلاف سے منفی اثر لینا، معاملے کو بگاڑتا ہے۔ اس کے مقابلے میں اختلاف کو مثبت انداز میں ہینڈل کرنا، ٹیم کی طاقت کا ذریعہ ہے۔

امت کا زوال

موجودہ زمانے میں امت کے زوال کا اصل سبب یہ ہے کہ قرآن و حدیث ان کے لیے غیر رہنما کتاب بن گئی ہے۔ آج کے مسلمانوں کے لیے قرآن بس ایک مقدس کتاب ہے۔ اور جہاں تک حدیث کا سوال ہے، حدیث ان کے لیے فقہی مسائل کا ماخذ ہے۔ مسلمانوں کے تمام مسائل کا اصل سبب یہی ہے۔

قرآن میں کئی مقامات پر بتایا گیا ہے کہ رسول کو خدا نے کتاب اور حکمت کے ساتھ بھیجا ہے۔ یہ دونوں مسلمانوں کے لیے ابدی رہنمائی کا ذریعہ تھیں۔ لیکن مسلمانوں نے اپنے دورِ زوال میں ان دونوں کو اپنے لیے رہنما بنانے کے بجائے برکت اور جزئی فقہ کا ماخذ سمجھ لیا۔ اس معاملے میں مسلمانوں کا حال وہی ہوا، جو رسول اللہ نے پیشگی طور پر آگاہ کردیا تھا: تَرَكْتُ فِيكُمْ أَمْرَيْنِ، لَنْ تَضِلُّوا مَا تَمَسَّكْتُمْ بِهِمَا: كِتَابَ اللَّهِ وَسُنَّةَ نَبِيِّهِ (مؤطا امام مالک، حدیث نمبر 1874)۔ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے تمھارے درمیان دو چیزیں چھوڑی ہیں، تم ہرگز گمراہ نہ ہوگے، جب تک تم ان دونوں چیزوں کو پکڑے رہوگے، وہ دو چیزیں ہیں: اللہ کی کتاب اور اس کے رسول کی سنت۔

مگر بعد کے زمانے میں جب مسلمانوں نے کتاب وسنت کو ترک کردیا، تو اس کے بعد جو ہوا، وہ یہ تھا کہ مسلمان حقیقی خدائی رہنمائی سے محروم ہوگئے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مسلمان اندھیروں میں بھٹک کر صراط مستقیم سے ڈی ریل (derail) ہوگئے۔ ان کا سفر مطلوب راستے پر ہونے کے بجائے غیر مطلوب راستے پر ہونے لگا۔ مطلوب راستہ تھا، مثلاً خدا کی معرفت اور دعوت۔ مگر مسلمان اس راستے سے ہٹ کر دنیوی مسائل میں لگ گئے، اور دعوت کے بجائے مدعو کو اپنا دشمن قرار دے دیا۔ معاملہ یہاں تک پہنچا کہ مسلمان اپنے دنیوی مفاد کے لیے اسلام کو استعمال کرنے لگے۔ مثلاً علیحدہ مسلم لینڈ (seprate Muslim land) کی لڑائی کو اسلام اور ایمان کے لیے جہاد کرنا قرار دے دیا۔ یہی وہ حقیقت ہے، جس کو مذکورہ حدیث میں گمراہی کہا گیا ہے۔

زوال کا ظاہرہ

مومن کون ہے۔ قرآن کے مطابق، مومن وہ ہے جس کا یہ حال ہو کہ جب اس کے سامنے اللہ کا ذکر کیا جائے تو اس کی ہیبت سے بندۂ مومن کا دِل دہل اُٹھے۔ جب اس کو قرآن کی آیتیں سنائی جائیں تو اس کو اضافۂ ایمان کی غذا ملنے لگے۔ اس کے لیے خدا ایک ایسی لازوال ہستی بن جائے جس پر وہ کامل بھروسہ کرسکتا ہو (8:2)۔ ایمان، خدا اور بندے کا مقامِ اتصال ہے۔ اس اتصال (communion) کا حقیقی طور پر وقوع میں آنا ہی ان کیفیات کے ظہور میں آنے کی یقینی ضمانت ہے۔ پاور ہاؤس اور بلب کا ملاپ اگر نتیجہ پیدا کیے بغیر نہیں رہتا تو خدا اور بندے کا ملاپ کیوں کر نتیجہ سے خالی رہ جائے گا۔

مگر موجودہ زمانہ میں اسلام کی ایسی عجیب وغریب قسم وجود میں آئی ہے جس میں سب کچھ نظر آتا ہے مگر وہی چیز نہیں جس کو حقیقتاً ''اسلام'' کہا گیا ہے۔ ہمارے زمانے کے عجائب میں یہ عجوبہ سب سے زیادہ حیرت ناک ہے کہ ہر طرف اسلام کی دھوم مچی ہوئی ہے، مگر حقیقی اسلام کا کہیں وجود نہیں — نمازیوں کی تعداد بڑھ رہی ہے، مگر ''صلاۃِ خشوع'' سے مسجدیں خالی ہیں۔ اسلامی مدرسوں کی عمارتیں بلند ہورہی ہیں مگر وہ لوگ نہیں پیدا ہورہے ہیں جو اپنی زندگیوں میں بھی اسلام کی تعمیر کی ضرورت محسوس کرتے ہوں۔ اسلام کے نعروں سے فضائیں گونج رہی ہیں مگر اس اسلام کا وجود نہیں جو تنہائیوں میں آدمی کو خدا کی یاد میں بے چین کردے۔ دوسروں کی پیٹھ پر اسلام کے نام پر کوڑے لگ رہے ہیں مگر اپنی ''پیٹھ'' کو خدا کے حوالے کرنے والا کوئی نہیں۔ اسلامی تقریروں کی بہار آرہی ہے مگر خدا کی زمین ایسے لوگوں سے خالی ہے جن کو خدا کے خوف نے بے زبان کررکھا ہو۔ ''احتسابِ کائنات'' کے ہنگامے ہر طرف برپا ہیں مگر احتسابِ نفس کی ضرورت کسی کو محسوس نہیں ہوتی۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ اسلام کے جسم سے اس کی روح نکال دی گئی ہے۔ اور خود ساختہ طور پر اسلام کا ایسا ایڈیشن تیار کرلیا گیا ہے جو بظاہر اسلام ہے مگر وہی چیز اس میں موجود نہیں جو خدا اور رسول کے نزدیک اسلام کا اصل مقصود تھی۔

اس کو سمجھنے کے لیے یہود کی تاریخ کا مطالعہ کیجیے۔ کیوں کہ جو قومیں کتاب الٰہی کی حامل ہوں،

ان کے بگاڑ کے اسباب ہمیشہ یکساں ہوتے ہیں۔ یہود کی بابت قرآن میں کہا گیا ہے کہ بعد کے دور میں ان کے اندر قساوت (سخت دلی) آ گئی (2:74)۔ قساوت کی حالت یہ نہیں ہے کہ دین اپنی صورت کے اعتبار سے باقی نہ رہے۔ ایسا کبھی نہیں ہوتا۔ دین کی صورتیں ہمیشہ مکمل طور پر باقی رہتی ہیں البتہ قوم کے اندر سے ان کی روح نکل جاتی ہے۔ قرآن کے مطابق، قساوت دراصل ذکر اور خشیت کے خاتمہ کا نام ہے (39:22-23)، نہ کہ ظواہرِ دین کے خاتمہ کا۔

قوم کے اندر یہ بگاڑ انکارِ دین کے نام پر نہیں آتا، بلکہ اقرارِ دین کے ساتھ آتا ہے۔ قرآن کے بیان کے مطابق شیطان ان کو ایسی ایسی تاویلات سمجھاتا ہے جس کی روشنی میں ان کو اپنا انحراف حقیقی دین نظر آنے لگے، اور حقیقی دین بے دینی۔ وہ اپنے اعمال کو خوبصورت الفاظ میں بیان کر کے اس کو اپنے لیے مزین کر لیتے ہیں (فاطر، 35:8)۔ اس تزئین کی سب سے زیادہ معروف صورت وہ ہے جس کو قرآن میں يُحَرِّفُونَ ٱلْكَلِمَ عَن مَّوَاضِعِهِ (5:13) فرمایا گیا ہے۔ یعنی، کلام میں تحریف (distortion) کرنا۔ کلام کو اس کے محل سے پھیرنے کا مطلب یہ ہے کہ کلام کا ایسا مطلب ومعنی بیان کیا جائے جو متکلم کی مراد نہ ہو۔ گویا یہود کی تزئین یہ تھی کہ وہ اپنی قساوت، بالفاظ دیگر اپنی بے روح دین داری کو لفظی تاویلات سے ایسا خوش نما بنا لیتے تھے کہ وہی اصل دین نظر آنے لگے۔

تحریف (لفظ کو اس کے موقع ومحل سے پھیرنے) کی صورت عام طور پر وہی ہوتی ہے جس کو موجودہ زمانہ میں غلط تعبیر (misinterpretation) کہا جاتا ہے۔ اس معاملہ کو سمجھنے کے لیے ایک مثال لیجیے۔ یہود کو یہ خبر دی گئی تھی کہ تم کو تمام اقوام عالم پر فضیلت دی گئی ہے (البقرہ، 2:47)۔ اس کا مطلب یہ تھا کہ اللہ نے تم کو دنیا میں اپنی نمائندگی کے لیے چن لیا ہے۔ یعنی تم کو اس مقام پر کھڑا کیا ہے کہ تم خدائی تعلیمات کے حامل بنو اور اس کو خدا کی طرف سے دوسری اقوام تک پہنچاؤ۔ اپنے اصل مفہوم میں یہ فضیلت بر بنائے ذمہ داری تھی۔ مگر یہود نے اس کو نسلی فضیلت کے معنی میں لے لیا۔ یہود کی نسل میں پیدا ہونا اس بات کے لیے کافی بن گیا کہ آدمی اس فضیلت کا مستحق ہو اور خدا کے انعامات اس کو حاصل ہوں۔ اس تحریف کو قرآن میں ان الفاظ میں واضح کیا گیا ہے: وَقَالُوا۟ كُونُوا۟ هُودًا أَوْ

نَصَٰرَىٰ تَهۡتَدُواْۗ قُلۡ بَلۡ مِلَّةَ إِبۡرَٰهِـۧمَ حَنِيفٗاۖ وَمَا كَانَ مِنَ ٱلۡمُشۡرِكِينَ (2:135)۔یعنی، وہ کہتے ہیں کہ یہودی یا نصرانی ہوجاؤ تو ہدایت یاب ہوجاؤ گے۔ کہہ دو نہیں۔ بلکہ ہم پیروی کرتے ہیں دینِ ابراہیم کی اور وہ شرک کرنے والوں میں نہ تھا۔

گویا ملتِ ابراہیمی کا فرد وہ ہے جو شرک سے اپنے کو بچائے اور سچی توحید پر قائم ہو۔ محض نسل ابراہیمی میں ہونے سے کوئی ملتِ ابراہیمی کا فرد نہیں بن جاتا۔ یہود کو جو ''فضیلت'' دی گئی وہ اپنے اصل مفہوم میں ایک سنگین ذمہ داری کو یاددلانے والی چیز تھی مگر موقع ومحل سے ہٹانے کے بعد وہ بے خوفی کا محرک بن گئی۔ اللہ کا ایک حکم جو خشیت پیدا کرنے کا سبب بنتا، وہ قساوت پیدا کرنے والا بن گیا— یہ تھی یہود کی تحریف۔ اپنی اس قسم کی تحریفوں کے ذریعہ انھوں نے دینِ خداوندی کو ایک بے روح ڈھانچہ بنا کر رکھ دیا تھا۔

حدیث رسول میں پیشین گوئی کی گئی ہے کہ مسلمان ضرور پچھلی امتوں کے طریقوں کا اتباع کریں گے۔ قدم بہ قدم، یہاں تک کہ اگر وہ کسی گوہ کے بل میں داخل ہوں گے تو یہ امت بھی وہاں داخل ہوجائے گی (صحیح البخاری، حدیث نمبر 7320)۔ چنانچہ مسلمانوں میں آج وہ سارے انحراف دیکھے جاسکتے ہیں جو سابق اہلِ کتاب میں پائے جاتے تھے۔ جس طرح یہود نے سمجھ لیا تھا کہ وہ اللہ کے خصوصی بندے ہیں اور وہ ضرور نجات پائیں گے۔ اسی طرح ہم نے بھی یہ عقیدہ قائم کرلیا کہ — مسلمان خیر امت ہیں اور وہ سب کے سب مرحوم ومغفور ہیں۔

یہ بات بجائے خود صدفیصد درست ہے مگر وہ مسلم امت کے بارے میں ہے، نہ کہ کسی مسلم نسل کے بارے میں۔ امت کو نسل کے معنی میں لینا بلاشبہ يُحَرِّفُونَ ٱلۡكَلِمَ عَن مَّوَاضِعِهِۦ (4:46) کا مصداق ہے، یعنی کلام کو اس کے اصل منشا سے بدل دینا۔ اپنے نظریاتی مفہوم میں یہ بات ذمہ داری کا احساس دلاتی ہے۔ مگر جب اس کو نسلی مفہوم میں لیا گیا تو وہ صرف قلبی قساوت اور بے خوفی کا محرک بن کر رہ گئی — اسلام کا نشانہ یہ ہے کہ وہ انسان کو تربیت دے کر اس قابل بنائے کہ وہ اپنی ذاتی فکر (self-thinking) کے ذریعہ اپنے اندر مطلوب ربانی شخصیت کی تعمیر کرے۔

تین ادوار

انسان کی زندگی تین ادوار میں بٹی ہوئی ہے— بچپن، جوانی اور بڑھاپا۔ بچپن میں آدمی خود اس قابل نہیں ہوتا کہ اپنے مستقبل کی پلاننگ کرے۔ ماں باپ اکثر لاڈ پیار میں بچپن کے دور کو ضائع کردیتے ہیں۔ خالق انسانوں کو پیدا کررہا ہے، تاکہ وہ زندگی میں کوئی رول ادا کریں۔ مگر صحیح پلاننگ نہ ہونے کی وجہ سے بیشتر لوگ اپنی زندگی کے امکان کو اویل نہیں کرپاتے۔ وہ نامکمل زندگی گزار کر مرجاتے ہیں۔

زندگی رب العالمین کی طرف سے ایک قیمتی تحفہ ہے۔ آدمی کو چاہیے کہ وہ اس تحفے کو بھرپور طور پر استعمال کرے۔ وہ اس سے اپنے آپ کو بچائے کہ وہ رب العالمین کی طرف سے آئی ہوئی زندگی کو کھودے۔ انسان جب زندگی کو وجود میں نہیں لاسکتا تو اس کو حق بھی نہیں کہ وہ ملی ہوئی زندگی کو ضائع کردے۔

اصل یہ ہے کہ ہر انسان کو موجودہ دورِ حیات میں بھرپور طور پر یہ موقع حاصل ہوتا ہے کہ درست پلاننگ کے ذریعے وہ اپنے کو منصوبۂ تخلیق کے مطابق کامیاب کرسکے۔ اس کی زندگی واقعات سے بھری ہوئی ہے۔ ہر انسان کی زندگی میں ایسے تجربات ہوتے ہیں، جو دوسرے انسان کی زندگی میں نہیں ہوتے ہیں۔ گویا کہ ہر انسان اپنے ساتھ ایک پوری لائبریری لیے ہوئے ہے۔ حقیقت کے اعتبار سے زندگی کی یہ لائبریری ٹیسٹ کا پیپر ہے۔ اس کے ذریعے سے انسان کو اپنے لیے ابدی کامیابی لکھنی ہے یا ابدی ناکامی۔

قیامت وہ دن ہے، جب کہ ہر انسان کی لکھی یا بغیر لکھی کتابیں، کھل کر سامنے آجائیں گی۔ اس وقت ہر انسان یہ جانے گا کہ اس نے اپنی زندگی میں کیا کھویا، اور کیا پایا۔ اس نے کس موقع کو اویل کیا، اور کس موقع کو ضائع کردیا۔ اس صورت حال کا سب سے زیادہ سنگین پہلو یہ ہوگا کہ کوئی بھی انسان اس پوزیشن میں نہ ہوگا کہ وہ اپنی زندگی کی کہانی کو ری رائٹ (re-write) کرے۔ کامیاب انسان وہ ہے، جو زندگی کی اس نوعیت کو سمجھے، اور اس کے مطابق زندگی گزارے۔

تمام مسائل کا حل

کچھ لوگ یہ کہتے ہیں کہ قرآن انسانی زندگی کے تمام مسائل حل کرتا ہے۔ میں نے اس طرح کی بہت سی تحریریں پڑھی ہیں، اور تقریریں سنی ہیں۔ لیکن ان حضرات کی تقریروں اور تحریروں میں آج تک اس کا کوئی متعین حوالہ نہیں ملا۔ ان کے اصاغر و اکابر نے کبھی یہ نہیں بتایا کہ یہ تصور قرآن کی کس آیت سے ماخوذ ہے۔ اپنی حقیقت کے اعتبار سے یہ صرف دعویٰ ہے، نہ کہ دلیل۔ اسی طرح ان لوگوں نے کبھی یہ نہیں بتایا کہ دنیا کے وہ کون سے لوگ ہیں، جنھوں نے اپنے مسائل دنیوی کو قرآن کے ذریعے حل کیا ہو۔ کم سے کم میرے علم میں ایسی کوئی مثال موجود نہیں۔

میری ملاقات ایک بار مصر کے ایک پروفیسر سے ہوئی، وہ الاخوان المسلمون کے سرگرم فرد تھے۔ ان سے میں نے پوچھا کہ الاخوان المسلمون کے مشہور فرد سید قطب کی کتاب العدالۃ الاجتماعیۃ فی الاسلام (Social Justice in Islam) میں نے پڑھی ہے۔ اس میں سوشل جسٹس کا کوئی ڈھانچہ (well-structured system) نہیں بتایا گیا ہے۔ وہ مصری عربی اور انگریزی دونوں زبانیں جانتے تھے۔ ان سے دیر تک گفتگو ہوئی، لیکن انھوں نے اعتراف کیا کہ اس کتاب میں کوئی ویل اسٹرکچرڈ سسٹم واقعتاً موجود نہیں۔ انھوں نے میرے اس اظہار کی تائید کی کہ کتاب میں کچھ انفرادی واقعات کو لے کر ان کو اجتماعی نظام کے ہم معنی بنا دیا گیا ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ یہ بیان بجائے خود خلافِ واقعہ ہے کہ قرآن میں دنیوی مسائل کا حل موجود ہے۔ قرآن حیاتِ آخرت کے لیے ایک رہنما کتاب ہے۔ قرآن بتاتا ہے کہ موجودہ دنیا انسان کے لیے دار الامتحان ہے۔ قرآن بتاتا ہے کہ موجودہ دنیا میں انسان کس طرح زندگی گزارے کہ وہ آخرت کی دنیا میں فلاح یافتہ زندگی کا مالک بن جائے۔ قرآن کے مطابق، موجودہ دنیا دار الامتحان ہے، اور آخرت کی دنیا دار الفلاح۔ یہ مسلمانوں کا خود ساختہ طریقہ ہے کہ وہ فلاحِ دنیا کا ادارہ قائم کرتے ہیں، اور اس کا اسلامی نام رکھ دیتے ہیں۔

مذہبی رواداری، تالیفِ قلب

آج کل تالیف قلب اور مذہبی رواداری کا بہت زیادہ چرچا ہے۔ میرا سوال یہ ہے کہ مذہبی رواداری اور تالیف قلب ایک ہیں یا دونوں میں کوئی فرق ہے۔ (سید اقبال احمد عمری، عمرآباد، تامل ناڈو)

جہاں تک میں سمجھتا ہوں رواداری (tolerance) اور تالیف قلب اپنی حقیقت کے اعتبار سے دونوں ایک ہیں۔ البتہ رواداری ایک سیکولر اصطلاح (term) ہے، اور تالیف قلب ایک مذہبی اصطلاح۔ تاہم دونوں میں ایک فرق ہے۔ رواداری کا لفظ صرف باہمی ٹالرنس کا مفہوم رکھتا ہے۔ جب کہ تالیف قلب (softening of the heart) یک طرفہ خیر خواہی کے اصول پر قائم ہے۔ تالیف قلب مذہبی معاملات میں رواداری کا نام ہے۔ اس کے برعکس، رواداری زیادہ عام ہے۔ رواداری کا مطلب ہے ایسے طرزِ عمل، اعتقاد اور خیالات، وغیرہ کو گوارا کرنا جن سے آپ کو اتفاق نہ ہو یا جو آپ کے نزدیک قابل قبول نہ ہوں۔ اس کا تعلق زندگی کے ہر معاملے سے ہے، خواہ وہ کسی بھی شعبے سے تعلق رکھتا ہو۔

رواداری کا طریقہ مزاج کی بنیاد پر قائم ہوتا ہے، وہ قانون کے زور پر قائم نہیں ہوتا۔ یہ دراصل اپنی حقیقت کے اعتبار سے سماجی اخلاقیات کا معاملہ ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ ہر ایک کو مکمل آزادی حاصل ہو، تاکہ وہ آزادی کے ساتھ اپنے رویے کا انتخاب کر سکے۔

اس معاملے میں صحت مند طریقہ (healthy method) یہ ہے کہ ہر ایک آزادانہ طور پر اپنی رائے کا اظہار کرے، اور اسی کے ساتھ وہ دل سے اس پر راضی ہو کہ دوسرے کو بھی یہ حق ہے کہ وہ جس رائے کو بھی درست سمجھتا ہے، اس کو وہ آزادانہ طور پر ظاہر کرے۔ صحت مند رواداری یہ ہے کہ کسی فریق پر کسی قسم کا دباؤ نہ ڈالا جائے۔ ہر ایک جیو اور جینے دو (live and let live) کے اصول پر قائم رہے۔ ہر ایک کا مزاج یہ ہو کہ وہ جس چیز کو اپنا حق سمجھتا ہے، وہی حق وہ دوسروں کو بھی دے۔ ادنیٰ درجے میں بھی کسی کے ساتھ ناانصافی کا سلوک نہ کیا جائے۔

مطالعۂ حدیث

شرح مشکاۃ المصابیح

29

معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے کہا کہ اے خدا کے رسول مجھے کوئی ایسا عمل بتائیے جو مجھ کو جنت سے قریب کردے اور مجھ کو جہنم سے دور کردے۔ آپ نے فرمایا کہ تم نے بہت بڑی بات پوچھی ہے۔ البتہ وہ آسان ہے جس کے لیے خدا اسے آسان کردے: تم اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ ٹھہراؤ۔ اور تم نماز قائم کرو اور تم زکاۃ ادا کرو۔ اور تم رمضان کے روزے رکھو اور تم بیت اللہ کا حج کرو۔ پھر آپ نے فرمایا: کیا میں تم کو خیر کے دروازے نہ بتاؤں۔ روزہ ڈھال ہے۔ اور صدقہ گناہ کو بجھاتا ہے جس طرح سے پانی آگ کو بجھاتا ہے۔ اور آدمی کا رات کے وقت نماز پڑھنا۔ پھر آپ نے قرآن کی (دو) آیتیں تلاوت کیں: ان کے پہلو بستروں سے الگ رہتے ہیں۔ وہ اپنے رب کو پکارتے ہیں ڈر سے اور امید سے۔ اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے، وہ اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ تو کسی کو خبر نہیں کہ ان لوگوں کے لیے ان کے اعمال کے صلہ میں آنکھوں کی کیا ٹھنڈک چھپا کر رکھی گئی ہے (32:16-17)۔ پھر آپ نے فرمایا کہ کیا میں تم کو نہ بتاؤں تمام چیزوں کا سرا اور اس کا ستون اور اس کی چوٹی۔ میں نے کہا کہ ہاں، اے خدا کے رسول۔ آپ نے فرمایا کہ معاملہ کا سرا اسلام ہے اور اس کا ستون نماز ہے اور اس کی چوٹی جہاد ہے۔ پھر آپ نے فرمایا کہ کیا میں تم کو ان سب کی اصل نہ بتادوں۔ میں نے کہا کہ ہاں، اے خدا کے رسول۔ پھر آپ نے اپنی زبان پکڑی اور کہا: اس سے اپنے آپ کو روکو۔ میں نے کہا کہ کیا ہم پکڑے جائیں گے اس پر جو ہم بولتے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ اے معاذ تم کو تمہاری ماں گم کرے۔ لوگوں کو جہنم میں، اوندھے منہ، ان کی زبان سے نکلا ہوا بے فائدہ کلام ہی گرائے گا (سنن الترمذی، حدیث نمبر 2616؛ سنن ابن ماجہ، حدیث نمبر 3973؛ مسند احمد، حدیث نمبر 10164)۔

زبان کو آپ نے کیوں اتنا زیادہ اہمیت دی۔ زبان آدمی کے پورے وجود کا خلاصہ ہے، آدمی کو چاہیے کہ زبان کی حفاظت کا آخری حد تک اہتمام کرے۔ زبان آدمی کی اندرونی شخصیت کی

نمائندہ ہے۔ جو آدمی غیر ذمہ دارانہ انداز میں کلام کرے اور بے روک ٹوک اپنی زبان کو دوسروں کے خلاف استعمال کرے وہ اپنے اس عمل سے اس بات کا ثبوت دیتا ہے کہ اس کے اندر ایک ایسی شخصیت چھپی ہوئی ہے جو اللہ کے خوف اور آخرت کے اندیشے سے خالی ہے۔ ایسا انسان ہر دوسری غلطی کو کرنے کے لیے بھی جری رہے گا۔

اس کے برعکس، جو آدمی اپنی زبان کے استعمال میں محتاط ہو۔ جو اپنی زبان سے بھلائی اور انصاف کی بات بولے ایسا آدمی اپنے اس عمل سے بتاتا ہے کہ وہ ایک صالح انسان ہے۔ وہ اپنے آپ کو خدا کی ماتحتی میں دیے ہوئے ہے۔ وہ اپنے آپ کو خدا کے حکم کا پابند بنائے ہوئے ہے۔ زبان انسانی شخصیت کی علامت ہے جو آدمی زبان کے استعمال کے معاملہ میں خدا کی مرضی کا پابند ہو وہ اپنی زندگی کے دوسرے معاملات میں بھی یقینی طور پر خدا کی مرضی کا پابند ہوگا۔ وہ ہر معاملہ میں خدا کا مطلوب بندہ بنا ہوا ہوگا۔

30

ابوامامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ کے لیے محبت کی اور اللہ کے لیے ناپسند کیا اور اس نے اللہ کے لیے دیا اور اللہ کے لیے روکا تو اس نے ایمان کامل کرلیا (سنن ابی داؤد، حدیث نمبر 4681)۔ الترمذی نے اس حدیث کو تقدیم وتاخیر کے ساتھ معاذ بن انس سے نقل کیا ہے۔ اس کے آخر میں یہ الفاظ ہیں: اس آدمی نے اپنا ایمان کامل کرلیا (سنن الترمذی، حدیث نمبر 2521)۔

ایمان کا آغاز خدائی حقیقتوں کے اعتراف سے ہوتا ہے۔ یہ اعتراف اگر سچا ہے تو اس کے لازمی نتیجے کے طور پر آدمی کی زندگی میں انقلاب آجاتا ہے۔ اس کی پسند اور ناپسند پر خدا کا رنگ چھا جاتا ہے (البقرہ، 2:138)۔ اس کے تعلقات اور اس کے لین دین خدائی احکام کے تابع ہوجاتے ہیں۔ آدمی کی پسند اور ناپسند یا اس کے دینے یا نہ دینے پر ایمان کا اثر جتنا کم ہوگا اتنا ہی اس کا ایمان نامکمل سمجھا جائے گا۔

ایمان کے معاملے میں اصل مطلوب چیز حق کا اتباع ہے۔ مومن وہ ہے جو حق کو شعوری طور پر دریافت کرے اور پھر عملاً اُس پر قائم ہوجائے۔ مگر یہ فیصلہ کوئی سادہ فیصلہ نہیں۔ جب ایک

شخص اتباعِ حق کا فیصلہ کرتا ہے تو یہ فیصلہ ایک ایسی دنیا میں ہوتا ہے جہاں طرح طرح کے مسائل ہیں۔ کبھی کوئی خارجی چیز اس کی خواہش (desire) یا اس کی انا (ego) کو بھڑکاتی ہے اور اس کا اندیشہ پیدا ہو جاتا ہے کہ وہ اپنی خواہش سے متاثر ہو کر حق کے راستے سے ہٹ جائے۔ اِسی طرح کبھی خارجی مشکلات سے اس کے ارادے میں کمزوری پیدا ہو جاتی ہے اور ضرورت ہوتی ہے کہ اس کو دوبارہ ثابت قدمی پر آمادہ کیا جائے۔ ایمانِ کامل کا مطلب یہ ہے کہ آدمی نے اپنے رب سے جو عہد کیا تھا اس کی اس نے عملی تصدیق کر دی۔ وہ ہر حال میں اپنے ایمانی اقرار پر ثابت قدم رہا۔

31

ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے نزدیک سب سے افضل عمل یہ ہے: اللہ کے لیے محبت کرنا اور اللہ کے لیے ناپسند کرنا (سنن ابی داؤد، حدیث نمبر 4599)۔

آدمی کے اندر سب سے زیادہ طاقتور جذبہ محبت اور ناپسندیدگی کا جذبہ ہے۔ آدمی کے تمام اعمال انھیں دونوں جذبات کے زیر اثر واقع ہوتے ہیں۔ یہ جذبات اللہ کے تابع ہوں تو آدمی کی زندگی اسلامی زندگی بنے گی، اور اگر یہ جذبات غیر خدا کے تابع ہوں تو آدمی کی زندگی غیر اسلامی زندگی بن جائے گی۔ اللہ پر ایمان لانے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ ہی انسان کا سب کچھ ہو جائے۔ وہ اپنی محبت، دشمنی اور انا، وغیرہ جیسے جذبات کو مکمل طور پر اللہ کے حکم کے تابع کر دے۔ یہ اللہ کے نزدیک افضل ترین عمل ہے۔

32

ابوہریرہ رضی اللہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلم وہ ہے جس کی زبان سے اور اس کے ہاتھ سے مسلمان محفوظ ہوں۔ اور مومن وہ ہے جس سے لوگ اپنے خون اور اپنے مال کے معاملہ میں محفوظ ہوں (سنن الترمذی، حدیث نمبر 2627؛ سنن النسائی، حدیث نمبر 4996)۔

مسند احمد (حدیث نمبر 7086) میں ''مسلم'' کی جگہ ''الناس'' کا لفظ ہے۔ یعنی تمام انسان کی جان و مال محفوظ ہو۔ مومن و مسلم کون ہے۔ یہ وہ انسان ہے جو اس حقیقت کو دریافت کرے کہ خدا اس کا خالق و مالک ہے اور موت کے بعد آخرت کی دنیا میں وہ اس کے سارے کارنامۂ حیات کا حساب لے گا۔ یہ عقیدہ مومن کے اندر آخرت کی پکڑ کا شدید اندیشہ پیدا کر دیتا ہے۔ یہ اندیشہ اس کو مجبور کر دیتا ہے

کہ وہ لوگوں کے ساتھ معاملہ کرنے میں پوری طرح محتاط رہے۔ وہ اپنی زبان سے لوگوں کو تکلیف نہ پہنچائے۔ انسانی حقوق کے معاملہ میں وہ کسی کو شکایت کا موقع نہ دے۔ اپنے آپ کو خدا کی پکڑ سے بچانے کا جذبہ اس کو انسانوں کے معاملہ میں آخری حد تک بے ضرر بنا دیتا ہے۔

33

یہ روایت البیہقی نے فضالہ بن عبید کے واسطے سے نقل کیا ہے۔ اس میں یہ اضافہ ہے: مجاہد وہ ہے جو اللہ کی اطاعت کے لیے اپنے نفس سے جہاد کرے اور مہاجر وہ ہے جو خطاؤں اور گناہوں کو چھوڑ دے (شعب الایمان للبیہقی، حدیث نمبر 10611)۔

جہاد کا اصل محرک اللہ کی پکڑ کا اندیشہ ہے۔ اس لیے حقیقی مجاہد وہ ہے جو سب سے پہلے خود اپنی ذات کے ساتھ جہاد کرے، وہ اپنے نفس کو زیر کرکے اپنی زندگی کو خدا کے تابع بنا دے۔ اسی طرح ہجرت (ترک) کا محرک بھی خدا کا خوف ہے۔ اصلی مہاجر وہ ہے جس کو خدا کی پکڑ کا اندیشہ ہر گناہ کو چھوڑنے پر مجبور کردے۔

34

انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بھی ہمیں خطاب کرتے تو بہت کم ایسا ہوتا کہ وہ یہ نہ فرمائیں: اس کا ایمان نہیں جس کے اندر امانت نہ ہو۔ اور اس کا دین دین نہیں جس کے اندر عہد کی پابندی نہ ہو (شعب الایمان للبیہقی، حدیث نمبر 4354؛ مسند احمد، حدیث نمبر 12383)۔

جب ایک آدمی ایمان واسلام کو اختیار کرے تو اس کے لازمی نتیجے کے طور پر اس کی زندگی میں ایک انقلاب آجاتا ہے۔ وہ مکمل طور پر ایک بااصول انسان بن جاتا ہے۔ ایسے شخص کے لیے ناممکن ہوتا ہے کہ وہ کوئی ایسا رویہ اختیار کرے جو امانت (trust) کے خلاف ہو۔ عہد کرنے کے بعد عہد کا توڑنا اس کو ایسا لگتا ہے جیسے اس نے خود اپنے آپ کو توڑ ڈالا۔

35

عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ کہتے ہوئے سنا: جو یہ گواہی دے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور یہ کہ محمد اللہ کے رسول ہیں، اس پر اللہ نے جہنم

کی آگ کو حرام کر دیا ہے (صحیح مسلم، حدیث نمبر 29؛ سنن الترمذی، حدیث نمبر 2638)۔

قول اور شہادت یا کہنے اور گواہی دینے میں یہ فرق ہے کہ قول صرف زبان سے ہوتا ہے مگر شہادت وہ ہے جس میں آدمی کا پورا وجود شامل ہو جائے۔ جس کو دل کے پورے اطمینان اور ذہن کی کامل تصدیق کے ساتھ انجام دیا جائے۔ ایسی شہادت آدمی کی پوری شخصیت کا احاطہ کیے ہوئے ہوتی ہے۔ وہ جب کہتا ہے کہ لا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ تو یہ اس کے لیے صرف ایک زبانی قول نہیں ہوتا بلکہ اس واقعہ کا اعلان ہوتا ہے کہ اس نے اپنی زندگی کے بارے میں ایک نیا انقلابی فیصلہ کیا ہے۔ ایک ایسا فیصلہ جس سے اس کی زندگی کا کوئی بھی پہلو اور کوئی بھی شعبہ خالی نہیں۔

36

عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص پر موت آئے اور وہ جانتا ہو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں تو وہ جنت میں داخل ہوگا (صحیح مسلم، حدیث نمبر 26)۔

اس حدیث میں علم کا لفظ آیا ہے۔ کوئی لفظ کبھی اپنے ابتدائی مفہوم میں ہوتا ہے اور کبھی اپنے انتہائی مفہوم میں۔ یہاں علم کا یہ لفظ اپنے انتہائی مفہوم میں ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جو آدمی اس حقیقتِ واقعہ کو کامل طور پر جان لے کہ اس کائنات کا خالق اور مالک اور معبود صرف ایک اللہ ہے۔ اور یہ جاننا اتنا بھرپور ہو کہ اسی کے مطابق اس کی زندگی گزرے اور اسی پر اس کی موت آئے تو ایسا انسان خدائی قانون کے مطابق اس کا مستحق ہے کہ اس کو جنت میں داخل کیا جائے۔

37

جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو چیزیں لازم کرنے والی ہیں۔ ایک شخص نے کہا کہ اے خدا کے رسول، دو لازم کرنے والی چیزیں کیا ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ جو آدمی اس حال میں مرے کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک کرتا تھا تو وہ جہنم میں داخل ہوگا۔ اور جو آدمی اس حال میں مرے کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں کرتا تھا تو وہ جنت میں داخل ہوگا (صحیح مسلم، حدیث نمبر 93)۔

خدا کے ساتھ کسی کو شریک کرنا سب سے بڑا گناہ ہے۔ اور خدا کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرنا

سب سے بڑی نیکی۔ اس کی حقیقت یہ ہے کہ انسان اپنی فطرت کے اعتبار سے یہ چاہتا ہے کہ وہ کسی چیز کو اپنا سب کچھ بنائے۔ اس کو اپنی زندگی میں سب سے اونچا مقام دے۔ اپنے خوف اور محبت کے جذبات کو سب سے زیادہ اس کے ساتھ وابستہ کرے۔ وہی اس کے لیے اعتماد اور توکل کا سرچشمہ ہو۔ یہ درجہ صرف ایک خدا کو دینا توحید ہے۔

اور خدا کے سوا کسی اور سے اس قسم کی وابستگی اختیار کرنا شرک ہے۔ خدا کا یہ فیصلہ ہے کہ اس کی دنیا میں اہل توحید کو نجات ملے اور اہل شرک فلاح ونجات سے محروم ہو کر رہ جائیں۔

38

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے اور ہمارے ساتھ اس مجلس میں ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما بھی تھے۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان سے اٹھے۔ پھر آپ نے واپسی میں دیر لگائی تو ہم کو اندیشہ ہوا کہ ہماری غیر موجودگی میں آپ کو کوئی نقصان نہ پہنچ گیا ہو۔ پس ہم گھبرا گئے اور ہم اٹھ گئے۔ اور میں گھبرانے والوں میں پہلا شخص تھا۔ پھر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تلاش کرتے ہوئے نکلا۔ یہاں تک کہ میں بنونجار سے تعلق رکھنے والے ایک انصار کے باغ تک پہنچا۔ باغ کے چاروں طرف دیوار تھی۔ میں دیوار کے اردگرد گھوما کہ کیا اس کا کوئی دروازہ ہے، مگر میں نے نہیں پایا۔ پھر میں نے دیکھا کہ ایک نالی ہے جو ایک بیرونی کنویں سے اندر جا رہی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے کوشش کی، یہاں تک کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچ گیا۔ تو آپ نے فرمایا کہ ابوہریرہ؟ تو انھوں نے کہا: ہاں، اے اللہ کے رسول۔ آپ نے کہا کہ تمہارا کیا حال ہے۔ میں نے کہا کہ آپ ہمارے درمیان تھے۔ پھر آپ اٹھے اور واپسی میں دیر کی۔ اس سے ہم کو اندیشہ ہوا کہ ہماری غیر موجودگی میں آپ کو کوئی نقصان نہ پہنچ گیا ہو۔ پس ہم گھبرا گئے۔ اور میں گھبرانے والوں میں پہلا شخص تھا۔ پس میں اس باغ تک آیا۔ اس میں میں داخل ہوا جس طرح لومڑی داخل ہوتی ہے۔ دوسرے لوگ میرے پیچھے آرہے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ اے ابوہریرہ — اور آپ نے اپنے دونوں جوتے مجھے دے دیے — پھر آپ نے فرمایا کہ تم میرے ان دونوں جوتوں کے ساتھ جاؤ۔ اور اس باغ کے اُدھر جو تم کو ملے جو یہ گواہی دیتا ہو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اس پر قلبی یقین رکھتا ہو تو تم اس کو جنت کی خوش خبری

دے دو۔ تو سب سے پہلے جن سے میں ملا، وہ عمر فاروق تھے۔ انھوں نے کہا کہ یہ دونوں جوتے کس کے ہیں، اے ابوہریرہ۔ میں نے کہا کہ یہ دونوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جوتے ہیں، آپ نے مجھے ان دونوں کے ساتھ بھیجا ہے کہ میں جس ایسے شخص سے ملوں جو یہ گواہی دیتا ہو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اس پر قلبی ایمان رکھتا ہو تو میں اس کو جنت کی خوش خبری دے دوں۔ (یہ سنتے ہی) عمر نے میرے سینے پر اتنے شدت سے مارا کہ میں پیچھے کی طرف گر گیا۔ انھوں نے کہا کہ اے ابوہریرہ واپس جاؤ۔ چنانچہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس واپس آیا، اور میری حالت رونے والی ہو رہی تھی۔ میں نے دیکھا کہ وہ میرے پیچھے آرہے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوہریرہ تجھ کو کیا ہوا۔ میں نے کہا کہ میں عمر فاروق سے ملا اور ان کو اس بات کی خبر دی جس بات کو لے کر آپ نے مجھے بھیجا تھا۔ تو انھوں نے میرے سینہ پر اتنی شدت سے مارا کہ میں پیچھے کی طرف گر گیا۔ پھر انھوں نے کہا کہ واپس جاؤ۔ (یہ سن کر) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے عمر تم نے ایسا کیوں کیا۔ انھوں نے کہا کہ اے خدا کے رسول آپ پر میرے ماں باپ قربان ہوں، کیا آپ نے ابوہریرہ کو اپنے دونوں جوتوں کے ساتھ بھیجا تھا کہ جو یہ گواہی دیتا ہوا ملے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اس پر قلبی یقین رکھتا ہو تو اس کو جنت کی خوش خبری دے دو۔ آپ نے فرمایا: ہاں۔ عمر نے کہا کہ ایسا نہ کیجیے۔ کیوں کہ مجھے ڈر ہے کہ لوگ اس پر بھروسہ کرلیں گے۔ تو انھیں چھوڑ دیجیے کہ وہ عمل کرتے رہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر انھیں چھوڑ دو (صحیح مسلم، حدیث نمبر 31)۔

کوئی خارجی یا مقداری عمل جنت کی قیمت نہیں۔ جنت کی قیمت انسان کا اپنا وجود ہے۔ جو آدمی خدا کو اس طرح پائے کہ اس کی ہستی پوری طرح خدا کے رنگ میں رنگ جائے۔ خدا کے سوا کوئی چیز اس کا کنسرن نہ رہے۔ وہ اپنے پورے دل ودماغ کے ساتھ خدا والا بن جائے تو یہی وہ انسان ہے جس کے لیے جنت میں داخلے کا فیصلہ کیا جائے۔

حضرت عمر فاروق کا قول عوام کی نسبت سے تھا۔ انھوں نے بجا طور پر محسوس کیا کہ عوام اس گہری حقیقت کو نہیں سمجھیں گے۔ اور صرف زبان سے شہادت کے الفاظ بول دینے کو نجات کے لیے کافی سمجھنے لگیں گے۔ اور پھر اپنے آپ کو گمراہی میں مبتلا کرلیں گے۔ پیغمبر اسلام کا قول اگر بیان حقیقت تھا تو عمر فاروق کا قول رعایتِ عوام۔

39

معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: جنت کی کنجیاں ہیں— یہ گواہی دینا کہ اللہ کے سوا کوئی الٰہ نہیں (مسند احمد، حدیث نمبر 22102)۔

لاالٰہ الا اللہ کی گواہی (شہادت) دینا یہ ہے کہ آدمی کا پورا وجود اس حقیقت کا زندہ اعلان بن جائے کہ ایک اللہ کے سوا کوئی نہیں جو عبادت کا حق دار ہو۔ شہادت کا مطلب آدمی کی پوری ہستی کا اِس ربانی حقیقت میں ڈھل جانا ہے۔ جو شخص اس کی شہادت کا ثبوت دے اس کے حق میں خدا کا یہ فیصلہ ہے کہ جنت کے تمام دروازے اس کے لیے کھول دیے جائیں۔

40

عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوئی تو آپ کے اصحاب میں سے کچھ لوگ بہت زیادہ غم گین ہوگئے۔ یہاں تک کہ ان میں سے بعض افراد کے اندر وسوسہ پیدا ہوگیا۔ عثمان کہتے ہیں کہ میں ان میں سے ایک تھا۔ پھر جب کہ میں بیٹھا ہوا تھا، عمر میرے سامنے سے گزرے۔ انھوں نے سلام کیا مگر مجھے اس کا احساس نہیں ہوا۔ عمر نے اس کا ذکر ابوبکر سے کیا۔ اس کے بعد وہ دونوں میرے پاس آئے اور دونوں نے مجھ کو سلام کیا۔ ابوبکر نے کہا کہ کیوں ایسا ہوا کہ تم نے اپنے بھائی عمر کے سلام کا جواب نہیں دیا۔ میں نے کہا کہ میں نے تو ایسا نہیں کیا۔ عمر نے کہا کہ ہاں خدا کی قسم تم نے ایسا کیا ہے۔ عثمان کہتے ہیں کہ میں نے کہا کہ خدا کی قسم، مجھے خبر نہیں ہوئی کہ تم گزرے اور تم نے مجھ کو سلام کیا۔ ابوبکر نے کہا کہ عثمان نے سچ کہا۔ (پھر ابوبکر نے عثمان سے پوچھا کہ) کیا تم کو کسی چیز نے اس سے بے خبر رکھا۔ میں نے کہا: ہاں۔ انھوں نے کہا کہ وہ کیا ہے۔ میں نے کہا کہ اللہ نے اپنے نبی کو وفات دے دی، اس سے پہلے کہ ہم آپ سے نجات کے بارے میں دریافت کریں۔ ابوبکر نے کہا کہ میں نے اس کے بارے میں آپ سے پوچھا تھا۔ (عثمان نے کہا کہ یہ سن کر) میں ابوبکر کے پاس گیا اور ان سے کہا کہ میرے ماں باپ آپ پر قربان، اس بارے میں سوال کرنے کے لیے آپ لائق تر تھے۔ ابوبکر نے کہا کہ میں نے پوچھا تھا کہ اے اللہ کے رسول، اس معاملہ میں نجات کی کیا صورت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص مجھ سے کلمہ توحید کو قبول کرلے— جو میں نے اپنے چچا کے سامنے پیش کیا تھا مگر انھوں نے اس کو قبول

کرنے سے انکار کردیا— تو یہی اس کی نجات کا ذریعہ ہوگا (مسند احمد، حدیث نمبر 20)۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا ابو طالب ایک مشرکانہ عقیدہ پر تھے۔ اسی سے ان کی پوری عملی زندگی بنی۔ اس کے بعد رسول اللہ نے ان کے سامنے توحید کا عقیدہ پیش کیا۔ یہ سادہ طور پر ایک لفظی مجموعہ کو زبان سے دہرانے کا معاملہ نہ تھا، بلکہ اس کا مطلب یہ تھا کہ ابو طالب فکر وعمل کے ایک طریقہ کو چھوڑ کر فکر وعمل کے دوسرے طریقہ کو اختیار کرلیں۔ مگر وہ اپنی زندگی میں اس قسم کی تبدیلی کے لیے تیار نہیں ہوئے۔ یہی اصول دوسروں کی نجات کے لیے بھی ہے۔ جو آدمی اپنے عقیدہ وعمل کو کلمۂ توحید کی بنیاد پر تشکیل دے وہی اللہ کے یہاں نجات پائے گا، اور جو ایسا نہ کرسکے وہ نجات سے محروم رہے گا۔

41

مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ زمین کی سطح پر کوئی خیمہ یا گھر باقی نہیں رہے گا مگر اللہ اس میں اسلام کا کلمہ داخل کردے گا۔ عزت والے کی عزت کے ساتھ اور ذلیل کی ذلت کے ساتھ۔ اللہ یا تو انھیں عزت دے گا اور ان کو کلمہ والوں میں سے بنادے گا۔ یا وہ ان کو ذلیل کرے گا پھر وہ اس کی اطاعت کریں گے۔ میں نے کہا کہ پھر سارا دین اللہ کے لیے ہی ہوجائے گا (مسند احمد، حدیث نمبر 23814)۔

اس حدیث میں غالباً اُس واقعے کی پیشین گوئی ہے جو صنعتی انقلاب کے بعد ظہور میں آیا۔ اس حدیث کے مطابق، یہ بات پیشگی طور پر مقدر تھی کہ اسلام کا پیغام ساری دنیا میں ہر چھوٹے اور بڑے گھر میں پہنچ جائے۔ اس واقعہ کو ظہور میں لانے کے لیے کمیونی کیشن کے وہ جدید ذرائع درکار تھے جو صرف موجودہ زمانے میں صنعتی انقلاب کے بعد ظہور میں آئے ہیں۔ چنانچہ موجودہ زمانہ میں پہلی بار یہ ممکن ہوا ہے کہ اسلام کی ایسی عمومی اشاعت کی جائے کہ کوئی گھر اس سے بچا ہوا نہ ہو۔ یہ عمل (process) آج تیزی سے جاری ہوچکا ہے۔ جلد ہی وہ وقت آنے والا ہے جب کہ حدیث کی پیشین گوئی لفظی طور پر پوری طرح وقوع میں آجائے۔

اس حدیث میں جس واقعہ کا ذکر ہے اس سے مراد ساری دنیا میں پیغام اسلام کی اشاعت ہے، نہ کہ ساری دنیا کے اوپر اہل اسلام کا سیاسی غلبہ۔ اس حدیث میں کلمۂ اسلام سے مراد قرآن

ہے۔ یعنی قرآن کو ہر گھر میں اور ہر انسان تک پہنچایا جائے۔ گھر سے مراد صرف رہائش گاہ نہیں ہے، بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہر تعلیم گاہ، ہر لائبریری، ہر ادارہ، ہر ہوٹل، وغیرہ میں اس کو پہنچا دینا۔ اسلام کا اصل نشانہ یہ ہے کہ ہر پیدا ہونے والا اپنے رب کے احکام سے باخبر ہوجائے، نہ یہ کہ سارے انسان کے اوپر کسی ایک گروہ کی حکومت قائم ہوجائے۔

42

وہب بن منبہ سے پوچھا گیا کہ کیا لا إلہ إلا اللہ جنت کی کنجی نہیں ہے؟ انھوں نے کہا کہ ہاں۔ مگر ہر کنجی کے دندانے ہوتے ہیں۔ پس اگر تم ایسی کنجی لے کر آئے جس میں دندانے ہیں تو تمھارے لیے وہ کھل جائے گا، ورنہ وہ تمھارے لیے نہیں کھلے گا (صحیح البخاری، حدیث نمبر 1237)۔

وہب بن منبہ تابعی (وفات 114ھ) نے کنجی کے ساتھ دندانہ کی شرط لگائی ہے۔ انھوں نے تمثیل کی زبان میں بتایا ہے کہ شہادت کے کلمہ سے مراد صرف اس کی لفظی ادائیگی نہیں ہے بلکہ کلمہ کو اس کے فکری اور عملی تقاضوں کے ساتھ اختیار کرنا ہے۔ ان تقاضوں کے بغیر کلمہ کی مثال ایسی ہی ہے جیسے دندانے کے بغیر کنجی۔

43

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص جو اپنے اسلام کو درست کرے۔ تو ہر وہ نیکی جس کو وہ کرے گا تو وہ اس کے لیے دس گنا سے لے کر سات سو گنا تک لکھی جائے گی۔ اور ہر وہ برائی جس کو وہ کرے گا تو وہ اس کے لیے اسی کے برابر لکھی جائے گی، یہاں تک کہ وہ اللہ سے جا ملے (متفق علیہ: صحیح البخاری، حدیث نمبر 42؛ صحیح مسلم، حدیث نمبر 129)۔

ایک شخص جو دل سے مومن ہو اس سے اگر کبھی کوئی برائی سرزد ہوتی ہے تو اس کا محرک صرف ایک ہوتا ہے اور وہ ہے وقتی طور پر نفسانی جذبہ سے مغلوب ہوجانا۔ گویا کہ مومن کی ہر برائی اپنے درجے کے اعتبار سے ایک اتفاقی برائی ہوتی ہے اس لیے اس کے نامۂ اعمال میں بھی وہ صرف ایک درجہ کی برائی کے طور پر لکھی جاتی ہے۔

مگر مومن کی نیکی مثبت جذبہ کے تحت ہوتی ہے۔ اس بنا پر کیفیت کے اعتبار سے اس میں

فرق ہوتا رہتا ہے۔ مثال کے طور پر مومن کبھی عادت کے تحت روٹین کی نماز پڑھتا ہے۔ کبھی وہ نماز اس طرح پڑھتا ہے کہ اس میں خشوع کی کیفیت بھی شامل ہوجاتی ہے۔ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ خشوع اور انابت کی کیفیت بے حساب حد تک بڑھ جاتی ہے۔ اس طرح کیفیات کے فرق کی نسبت سے مومن کی نیکی اس کے اعمال میں کبھی معمول کی نیکی کے طور پر لکھی جاتی ہے اور کبھی غیر معمولی اضافوں کے ساتھ سیکڑوں گنا یا ہزاروں گنا زیادہ بڑی نیکی کی حیثیت سے۔

44

ابوامامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ ایمان کیا ہے، آپ نے فرمایا کہ جب تم کو اپنی نیکی سے خوشی ہو اور تم کو اپنی برائی سے تکلیف پہنچے۔ اس وقت تم مومن ہو۔ اس نے کہا کہ اے خدا کے رسول، گناہ کیا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ جب تمہارے دل میں کوئی چیز کھٹکے تو اس کو چھوڑ دو (مسند احمد، حدیث نمبر 22166)۔

ایمانی شعور جب حقیقی معنوں میں کسی کے اندر پیدا ہوتا ہے تو وہ اس کی غفلت کو توڑ دیتا ہے۔ وہ اس کی بے حسی کو ختم کر کے اس کو ایک حساس انسان بنا دیتا ہے، اس کی یہ ایمانی حساسیت ہر لمحہ اپنا کام کرتی رہتی ہے۔ نیکی کے فعل پر اس کو خوشی جیسے احساس کا تجربہ ہوتا ہے اور اگر اس سے برائی سرزد ہو تو اس کی اندرونی حساسیت فوراً بیدار ہو کر اس کو ملامت کرنے لگتی ہے۔ ایسی حالت میں بہترین طریقہ یہ ہے کہ مومن اپنے دل کو رہنما بنالے۔ جس کام پر دل مطمئن ہو اس کو کرے اور جس کام پر دل مطمئن نہ ہو اس کو چھوڑ دے۔

45

عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا۔ میں نے کہا کہ اے خدا کے رسول اس کام میں آپ کے ساتھ کون ہے۔ آپ نے فرمایا کہ ایک آزاد اور ایک غلام۔ میں نے کہا کہ اسلام کیا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ اچھا بول بولنا اور کھانا کھلانا۔ میں نے کہا کہ ایمان کیا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ صبر اور رواداری۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے کہا کہ افضل اسلام کون

سا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ جس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمان محفوظ ہوں۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے کہا کہ کون سا ایمان افضل ہے۔ آپ نے فرمایا کہ اچھا اخلاق۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے کہا کہ کون سی نماز افضل ہے۔ آپ نے فرمایا کہ لمبا خشوع۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے کہا کہ افضل ہجرت کون سی ہے۔ آپ نے فرمایا کہ تم اس چیز کو چھوڑ دو جس کو تمہارا رب ناپسند کرتا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے کہا کہ کون سا جہاد افضل ہے۔ آپ نے فرمایا کہ جس کے گھوڑے کے پاؤں کاٹ دیے جائیں اور اس کا خون بہا دیا جائے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے کہا کہ افضل گھڑی کون سی ہے۔ آپ نے فرمایا کہ آخری رات کی تہائی (مسند احمد، حدیث نمبر 19435)۔

اس حدیث میں افضل اعمال کی جو مختلف صورتیں بتائی گئی ہیں وہ ایک ہی حقیقت کی مختلف علامتیں ہیں۔ ایک انسان کے اندر جب ایمان کا گہرا شعور پیدا ہو جائے تو اس کے اثرات اس کی زندگی کے مختلف شعبوں میں ظاہر ہونے لگتے ہیں۔ یہاں تک کہ وہ اسی راہ میں قربان ہو جاتا ہے جو گویا اس کے ایمانی عہد کا آخری ثبوت ہے۔

46

معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ جو شخص اللہ سے اس حال میں ملے کہ اس نے اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں کیا تھا اور اس نے پانچوں نمازیں پڑھی ہوں اور رمضان کے روزے رکھے ہوں۔ تو اس کو بخش دیا جائے گا۔ میں نے کہا کہ میں لوگوں کو اس کی خوش خبری نہ دے دوں۔ آپ نے فرمایا کہ انھیں چھوڑ دو کہ وہ عمل کرتے رہیں (مسند احمد، حدیث نمبر 22028)۔

اس حدیث میں اسلام کی تین بنیادی تعلیمات کا ذکر ہے— کلمہ، نماز اور روزہ۔ کلمہ کی حقیقت معرفت خداوندی ہے۔ نماز کی حقیقت خشوع وخضوع کی حد تک تعلق باللہ ہے۔ روزہ کی حقیقت ضبطِ نفس کی حد تک جا کر مسلم بن جانا ہے۔ جس آدمی کے اندر یہ صفات پیدا ہو جائے وہ صرف تین معنوں میں نہیں بلکہ تمام معنوں میں خدا کا سچا بندہ بن جائے گا۔

معاذ بن جبل کہتے ہیں کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے افضل ایمان کی بابت سوال کیا۔ آپ نے فرمایا: یہ کہ تم اللہ کے لیے پسند کرو اور تم اللہ کے لیے ناپسند کرو۔ اور اپنی زبان کو اللہ کی ذکر میں مشغول رکھو۔ انہوں نے کہا کہ اور کیا، اے خدا کے رسول۔ آپ نے فرمایا کہ تم دوسروں کے لیے وہی پسند کرو جو تم خود اپنے لیے پسند کرتے ہو اور تم دوسروں کے لیے بھی اس چیز کو ناپسند کرو جس کو تم اپنے لیے ناپسند کرتے ہو (مسند احمد، حدیث نمبر 22130)۔

افضل ایمان سے مراد اعلیٰ ایمان ہے۔ یہ اعلیٰ ایمان اس وقت پیدا ہوتا ہے جب کہ آدمی کا ایمان صرف لفظی اقرار کے ہم معنی نہ ہو، بلکہ وہ شعوری دریافت اور داخلی انقلاب کی حیثیت رکھتا ہو۔ اس قسم کا ایمان جب کسی کو ملتا ہے تو اس کے اندر وہی روحانی اور اخلاقی صفات پیدا ہوجاتی ہیں جن کا اس حدیث میں ذکر کیا گیا ہے۔ ''اللہ کے لیے ناپسند کرو اور تم اللہ کے لیے ناپسند کرو'' کا مطلب یہ ہے کہ محبت اور نفرت، وغیرہ کے جذبات کو اپنی خواہش کے تابع کرنے کے بجائے مکمل طور پر اللہ کے تابع کرنا۔ واقعہ افک کے موقع پر حضرت عائشہ کے خلاف الزام لگانے والوں میں ایک صاحب مسطح بن اُثاثہ تھے۔ وہ ایک مفلس مہاجر اور حضرت ابوبکر کے دور کے رشتہ دار تھے۔ حضرت ابوبکر ان کی مالی مدد کرتے تھے۔ حضرت عائشہ ابوبکر کی صاحب زادی تھیں۔ قدرتی طور پر حضرت ابوبکر کو مسطح بن اثاثہ کے عمل سے تکلیف ہوئی۔ آپ نے قسم کھالی کہ وہ آئندہ مسطح کی کوئی مدد نہ کریں گے۔

لیکن قرآن میں یہ حکم اترا— تم میں سے جو لوگ صاحب مال ہیں وہ ذاتی شکایت کی بنا پر بے مال لوگوں کی امداد بند نہ کریں۔ کیا تم نہیں چاہتے کہ خدا تم کو معاف کردے۔ اگر تم اپنے لیے خدا سے معافی کے امیدوار ہو تو تمھیں بھی دوسروں کے بارے میں معافی کا طریقہ اختیار کرنا چاہیے (24:22)۔ یہ آیت سن کر حضرت ابوبکر نے کہا: ہاں، خدا کی قسم، میں پسند کرتا ہوں کہ اللہ مجھے معاف کردے۔ اور دوبارہ مسطح کی امداد جاری کردی (سیرت ابن ہشام، جلد 2، صفحہ 4-303)۔ مومن کی نظر میں سب سے زیادہ اہمیت خدا کی رضا ہوتی ہے۔ خدا کا حکم سامنے آتے ہی وہ فوراً جھک جاتا ہے، خواہ خدا کا حکم اس کی خواہش کے سراسر خلاف کیوں نہ ہو۔

قول سدید یا متعین کلام

قرآن میں ایک تعلیم ان الفاظ میں آئی ہے: يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَقُولُوا قَوْلًا سَدِيدًا (33:70)۔ یعنی اے ایمان والو، اللہ سے ڈرو اور درست بات کہو۔ کلام کی دو قسمیں ہیں۔ ایک ہے سدید کلام، دوسرا ہے غیر سدید کلام۔ جس طرح تیر ٹھیک نشانہ کی طرف رخ کر کے چلایا جاتا ہے، اسی طرح سدید کلام ٹھیک حقیقت کو سامنے رکھ کر بولا جاتا ہے۔

سدید کلام وہ ہے جو عین مطابقِ حقیقت ہو۔ جو واقعاتی تجزیہ پر مبنی ہو۔ جو ٹھوس دلائل کے ساتھ پیش کیا جائے۔ وہ بات اصل حقیقت سے کچھ بھی ادھر یا اُدھر ہٹی ہوئی نہ ہو۔ اس کے برعکس، غیر سدید کلام وہ ہے جس میں حقیقت کی رعایت شامل نہ ہو۔ جس کی بنیاد ظن و گمان پر قائم ہو۔ جس کی حیثیت محض رائے زنی کی ہو، نہ کہ حقیقتِ واقعہ کے اظہار کی۔ آدمی کوئی بھی بات کہے، تو وہ بات تعین کی زبان (specific language) میں ہونی چاہیے۔

مثلاً اگر ایک شخص یہ کہتا ہے کہ صحابہ کے دور میں جنگ صفین اور جنگ جمل کا واقعہ جو پیش آیا، وہ اسلام دشمنوں کی سازش کا نتیجہ تھا۔ تو یہ بیان، سدید بیان نہیں کہا جاسکتا۔ اس لیے کہ اس میں متعین نہیں ہے کہ اسلام دشمن کون ہے، اور اس کی سازش کیا تھی، جو اس حد تک مؤثر ہوئی کہ اس وقت کے لوگ دو متحارب گروہ بن کر آپس میں لڑ گئے۔ یعنی اس میں تعین اور صراحت کی زبان استعمال نہیں کی گئی ہے۔ اس میں ثابت شدہ حوالہ موجود نہیں ہے۔ یہ بیان تمام تر فرضی قیاس پر مبنی ہے، نہ کہ پختہ علم پر۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کرتے ہوئے فرمایا: اللَّهُمَّ سَدِّدْ لِسَانِي (سنن ابن ماجہ، حدیث نمبر 3830)۔ اے اللہ، میری زبان کو قولِ سدید کی توفیق دے۔ اس دعا سے اندازہ ہوتا ہے کہ قولِ سدید کی اسلام میں کتنی زیادہ اہمیت ہے۔ اسلام کے آداب کلام میں یہ بات لازمی طور پر شامل ہے کہ کسی امر کے متعلق جو بات کہی جائے، وہ تعین کی زبان میں ہو۔ وہ مناسب الفاظ (appropriate words) میں کہی گئی ہو۔ وہ بیان ایسے الفاظ میں ہو کہ کوئی شخص اگر اس کی تحقیق کرنا چاہے تو وہ بآسانی تحقیق کر کے اس کی صحت کو معلوم کر سکے۔ ایسا نہ ہو کہ کہنے والے نے کہہ دیا، لیکن سننے

والے کے لیے وہ ایک غیر واضح کلام کی حیثیت رکھتا ہو۔

کوئی کلام خواہ وہ دین کی بابت ہو، یا دنیا کی بابت۔ وہ ایسا ہونا چاہیے کہ سننے یا پڑھنے والا، مزید تحقیق کرکے اس کی اصلیت کو دریافت کرسکے۔ کلام میں ایسا حوالہ موجود ہو، جو کلام کی صحت کو مزید جانچنے کے لیے کافی ہو۔ کلام مشتبہ یا ایسے الفاظ پر مبنی نہ ہو، جس میں ایک سے زیادہ معنی کا احتمال پایا جائے، بلکہ ایسے الفاظ پر مبنی ہو، جو سامع کے لیے پہلے سے معلوم، اور متعین ہوں۔ جو اپنے معنی میں اتنا واضح ہو کہ سنتے ہی سمجھ میں آجائے۔

کلامِ سدید کے لیے یہ بات بھی لازمی طور پر ضروری ہے کہ اس میں جو بات بھی کہی جائے، خواہ وہ منفی بات ہو یا مثبت بات، اس میں کوئی ثابت شدہ مثال موجود ہو۔ ایسا ہرگز نہ ہو کہ بات تو کہہ دی جائے لیکن سننے والے کے سامنے کوئی متعین مثال نہ آئے جس کو لے کر وہ بات کی مزید تحقیق کرسکے۔ مثال کے بغیر ہر بات بے بنیاد بات ہے، اور بے بنیاد بات کبھی وہ بات نہیں ہوسکتی، جس کو کلام سدید کہا جائے۔

مثلاً اگر آپ یہ کہیں کہ کعبہ کی تعمیر حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل نے کی تھی۔ اس وقت کعبہ ایک مستطیل (rectangle) عمارت کی شکل میں تھا، اور اب بھی بدستور وہی صورت قائم ہے۔ تو یہ بات کلام سدید کی مثال نہ ہوگی۔ کیوں کہ اگر کوئی شخص جا کر اس کی تحقیق کرے تو وہ پائے گا کہ آج کا کعبہ مربع (Square) صورت میں ہے، اور اس کا ایک حصہ حطیم کی صورت میں خالی پڑا ہوا ہے۔ اس وقت کوئی شخص یہ کہے کہ ابتدائی کعبہ مستطیل صورت میں تھا، اب وہ مربع صورت میں ہے۔ اب اگر کوئی شخص مکہ جا کر اس کی تصدیق کرنا چاہے تو وہ دریافت کرلے گا کہ یہ بیان درست ہے۔

اس مثال سے سمجھا جاسکتا ہے کہ کلام سدید کیا ہے، اور کلام غیر سدید کیا۔ کلام سدید وہ ہے، جو قابل تصدیق (verifiable) ہو۔ اس کے برعکس، کلام غیر سدید وہ ہے، جس کو ویری فائی (verify) نہ کیا جاسکے، جس میں سامع کے لیے یہ ممکن نہ ہو کہ وہ کلام کی تحقیق کرکے یقین کے ساتھ یہ جان سکے کہ کہنے والے نے جو کہا یا لکھنے والے نے جو کچھ لکھا، وہ مطابق واقعہ کلام ہے یا مطابق واقعہ کلام نہیں ہے۔

تضاد میں جینا

لوگوں کی تحریروں کو پڑھیے، تو تقریباً تمام لوگ متضاد باتیں کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ مثلاً ہر ایک اپنی جماعت کے کارنامے بیان کرے گا، اور پھر یہ بھی بتائے گا کہ امت اپنی زبوں حالی کی آخری حد پر پہنچ چکی ہے۔ یہ بلاشبہ متضاد بیان ہے۔ اگر آپ کے لیڈر ایک عہد ساز لیڈر تھے تو انھیں لیڈر کے زمانے میں زبوں حالی کا یہ متضاد واقعہ کیوں پیش آیا۔

اس تضاد بیانی کا سبب یہ ہے کہ لوگ اپنی شخصیتوں کو بڑا بڑا کریڈٹ دینا چاہتے ہیں۔ اسی کے ساتھ وہ اس واقعے کا انکار نہیں کر پاتے کہ ان شخصیتوں نے زمینی سطح پر کوئی مثبت واقعہ انجام نہیں دیا۔ یہ شخصیت پرستی کا ظاہرہ ہے۔ شخصیت پرستی میں ہمیشہ ایسا ہی ہوتا ہے۔ لوگ اپنے مزاج کی بنا پر اپنی شخصیتوں کی تعریف میں جینا چاہتے ہیں۔ لیکن جب حقیقی صورتِ حال کو دیکھتے ہیں، تو نظر آتا ہے کہ زمینی حالات اس کی تصدیق نہیں کررہے ہیں۔ مثلاً ایک صاحب نے اپنی پسندیدہ شخصیت کو زمانہ ساز شخصیت بتایا ہے۔ مگر دوسرے مقام پر جب وہ اسی عہد کا ذکر کرتے ہیں تو ان کو نظر آتا ہے کہ وہ زمانہ ایک بُرا دور رہے۔

اس تضادِ ذہنی کا سبب یہ ہے کہ لوگ غلطی کا اعتراف کرنا نہیں جانتے۔ وہ مفروضہ شخصیتوں کی قصیدہ خوانی سے تو واقف ہیں، لیکن غلطی کا اعتراف کرنے کے الفاظ ان کی ڈکشنری میں موجود نہیں۔ عدم اعتراف کا یہ مزاج بلاشبہ ذہنی ارتقا (intellectual development) میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔

غلطی کا اعتراف نہ کرنا، ذہنی ارتقا میں رکاوٹ کیوں ہے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ جب آپ ایک شخصیت کو قصیدہ خوانی کا موضوع بنالیں، تو آپ کو صرف الفاظ ملیں گے، حقائق نہیں ملیں گے۔ اسی طرح غلطیوں کا وجود ختم نہیں ہوگا، اور غلطی خواہ کیسی بھی ہو، وہ انسان کو حقائق سے دور کردیتی ہے جو کہ ذہنی ارتقا کا ذریعہ ہے۔

Turmoil یعنی پریشانی

10 فروری 2020 کو میرے آفس کے ای میل پر ایک پاکستانی آڈینس نے یہ پیغام بھیجا— آپ میرے لیے دعا کریں، میں پریشانی میں مبتلا ہوں:

“Pray for me, I am in turmoil.”

عجیب بات ہے کہ آج ہی کا واقعہ ہے کہ کسی سے بات کرتے ہوئے میں نے کہا کہ میری زندگی میں ایک ایسی پریشانی پیش آئی، جو شاید میری زندگی کی سب سے بڑی پریشانی تھی۔ حقیقت یہ ہے کہ پریشانی خواہ وہ کتنی بڑی ہو، وہ آپ کو دعا کے لیے ایک پوائنٹ آف ریفرنس دیتی ہے۔ لوگ اس راز کو جانتے نہیں، اس لیے وہ پریشانی کو صرف پریشانی کے خانے میں ڈال دیتے ہیں، پریشانی کو دعا کے خانے میں ڈالنا جانتے ہی نہیں۔ حالاں کہ اگر وہ اس راز کو جانیں، تو ان کے لیے پریشانی ایک عظیم خیر کا سبب بن جائے۔

انسان کی زندگی میں پیش آنے والی پریشانی کا معاملہ پت جھڑ کی طرح کا ہے۔ پت جھڑ کا سبق یہ ہے کہ خالق انسانوں کو آکسیجن کی مسلسل سپلائی کے لیے پرانے پتوں (leaves) کی جگہ فریش اور نئے پتے لا رہا ہے۔ یہی معاملہ انسانی زندگی کا ہے، جس کو اسکاٹش رائٹر سیموئل سمائلز (1812-1904ء) نے بجا طور پر ان الفاظ میں بیان کیا ہے:

It is not ease, but effort, not facility, but difficulty that makes men. There is, perhaps, no station in life in which difficulties have not to be encountered and overcome before any decided measure of success can be achieved. (Samuel Smiles)

آسانی نہیں، بلکہ کوشش، سہولت نہیں، بلکہ مشکل، انسان کو بناتی ہے، شاید انسان کی زندگی میں کوئی ایسا پڑاؤ نہیں ہے، جہاں انسان کو مشکلات کا سامنا نہ پیش آئے، اور کامیابی کے فیصلہ کن مقدار کو حاصل کرنے سے پہلے، اس پر غلبہ حاصل نہ کرے۔

ڈائری 1986

11 فروری 1986

آج تبلیغی جماعت کے کئی لوگ ملنے کے لیے آئے۔ ان سے گفتگو کرتے ہوئے میں نے کہا کہ سوچنے کے دو انداز ہیں۔ ایک ہے خارجی اندازِ فکر اور دوسرا ہے داخلی اندازِ فکر۔

خارجی اندازِ فکر کا مطلب یہ ہے کہ ہم اپنے مسائل کا ذمہ دار دوسروں کو سمجھیں۔ مثلاً دوسروں کا تعصب، دوسروں کی سازش، دوسروں کی جارحیت وغیرہ۔ جو لوگ اس طرح سوچیں ان کے لیے کام اپنے آپ سے باہر رہے گا۔ وہ دوسروں کے خلاف احتجاج کریں گے۔ وہ دوسروں سے مطالبات کریں گے۔ چونکہ ان کے نزدیک مسئلہ اپنے آپ سے باہر پیدا ہوا ہے، اس لیے وہ باہر سے ہی حل ہو سکتا ہے۔ اس کے مقابلے میں داخلی اندازِ فکر کا مطلب اپنے مسائل کا ذمہ دار اپنے آپ کو سمجھنا ہے۔ اس دوسری صورت میں سارا معاملہ بدل جاتا ہے۔ اب آپ کی ساری توجہ خود اپنی طرف لگ جاتی ہے۔

میں نے کہا کہ اس وقت جتنی بھی تحریکیں مسلمانوں میں چل رہی ہیں وہ سب خارجی اندازِ فکر پر چل رہی ہیں۔ سب کی سب دوسروں کے خلاف مہم چلانے میں مصروف ہیں۔

اس عموم میں صرف ایک استثنا ہے اور وہ تبلیغی جماعت کا ہے۔ تبلیغی جماعت کا فکر یہ ہے کہ ہمارے تمام مسائل اللہ کے باب میں اپنی کوتاہی سے پیدا ہوئے ہیں۔ اپنی کوتاہی کو درست کر لو تو خدا کی رحمت تمہاری طرف مائل ہوگی اور تمہارے تمام معاملات درست ہو جائیں گے۔

میں نے کہا کہ میرے نزدیک یہی داخلی اندازِ فکر صحیح ہے۔ اس اعتبار سے ہمارا مشن اور تبلیغ کا مشن ایک ہے۔ فرق صرف یہ ہے کہ تبلیغ کے لوگ تقریر کی راہ سے کام کر رہے ہیں اور ہم تحریر کی راہ سے۔

12 فروری 1986

آج میں نے ریڈرس ڈائجسٹ (فروری 1986) پڑھا۔ ریڈرس ڈائجسٹ کا یہ طریقہ ہے کہ وہ خالی جگہوں پر چھوٹی چھوٹی عبارتیں شائع کرتا ہے جس کو آج کل کی زبان میں فلر (filler) کہتے

ہیں۔ یہ عبارتیں بڑی بڑی قیمتیں دے کر لوگوں سے حاصل کی جاتی ہیں۔

ریڈرس ڈائجسٹ کے مذکورہ شمارہ میں صفحہ 152 پر دو لائن کا ایک فلر حسب ذیل ہے:

Headline of an article on a controversial press censership bill — "THE RIGHT TO WRITE."

اس سرخی کا اردو ترجمہ کریں تو وہ یہ ہوگا ''لکھنے کا حق''۔ اردو سرخی میں بظاہر کوئی ایسی خصوصیت نظر نہیں آتی کہ ایک میگزین اس کو قیمت دے کر کسی سے خریدے اور اس کو اپنے ایک صفحہ میں بطور فلر استعمال کرے۔ مگر انگریزی میں دیکھیے تو وہ ایک بے حد دلچسپ سرخی معلوم ہوتی ہے۔ انگریزی الفاظ میں یہ سرخی اس قدر اچھوتی ہے کہ آدمی اس کو دیکھ کر فوراً اصل موضوع کو پڑھنا چاہے گا۔

اس کا مطلب یہ نہیں کہ اردو زبان کوئی کمتر زبان ہے اور انگریزی زبان ایک برتر زبان۔ یہ فرق تمام تر اتفاقی ہے۔ عین ممکن ہے کہ ایک اور سرخی اردو زبان میں بہت بامعنیٰ نظر آئے مگر انگریزی میں ترجمہ ہو کر وہ اپنی ندرت کو کھو دے۔

یہی معاملہ ہر چیز کا ہے۔ بعض خصوصیات حقیقی ہوتی ہیں اور بعض خصوصیات اتفاقی۔ کسی چیز کے بارے میں صحیح رائے وہی لوگ قائم کر سکتے ہیں جو حقیقی اور اتفاقی کے فرق کو اچھی طرح جانتے ہوں۔

13 فروری 1986

آج کل دہلی میں عالمی کتابی نمائش (ورلڈ بک فیئر) ہو رہی ہے۔ آج میں نے اس کو دیکھا۔ مختلف ملکوں کے اسٹال بہت بڑے پیمانے پر لگائے گئے ہیں۔ آدمی یہاں پندرہ زبانوں میں کتابیں حاصل کر سکتا ہے۔ ایک حصہ میں مختلف مذہبی مشن کے اسٹال لگے ہوئے ہیں۔ ایک ہندو مشن کے اسٹال پر ایک کتاب نظر سے گزری۔ اس کا ٹائٹل یہ تھا:

"Bhagvad Gita: As It Is"

یہ ٹائٹل مجھے بہت پسند آیا۔ میں نے سوچا اسی انداز پر ایک کتاب اسلام کے بارے میں چھپنا چاہیے۔ اس کا ٹائٹل حسب ذیل ہو:

"Islam: As It Is"

ان شاءاللہ، اس نام سے ایک کتاب شائع کی جائے گی۔اس کتاب کے چار حصے ہوں گے۔ پہلے حصہ میں قرآن کی منتخب آیتوں کا ترجمہ، دوسرے حصہ میں منتخب احادیث کا ترجمہ، تیسرے حصہ میں رسول اللہ کے منتخب واقعات اور چوتھے حصے میں صحابہ کے منتخب واقعات۔

یہ سب چیزیں بغیر تشریح کے جمع کی جائیں۔اپنی طرف سے صرف مختصر عنوان کا اضافہ ہو۔ اسلام کے تعارف کے لیے، ان شاءاللہ، یہ ایک بہت مفید کتاب ثابت ہوگی۔

آج کل غیر مسلموں میں اسلام کے مطالعہ کا کافی رجحان پیدا ہوا ہے۔مگر وہ اسلام کو جیسا ہے ویسا ہی (as it is) پڑھنا چاہتے ہیں۔اس سلسلے میں ایک ضرورت یہ ہے کہ قرآن اور حدیث کے ترجمے شائع کیے جائیں۔دوسرا کام یہ ہے کہ اس انداز میں کچھ مختصر کتابیں تیار کی جائیں۔اس دوسرے کام کے ذیل میں ''اسلام: ایز اٹ از'' ان شاءاللہ، ایک مفید کتاب ثابت ہوگی۔

نمائش میں اسلامی مرکز کا بک اسٹال بھی لگا ہوا ہے۔یہاں کافی غیر مسلم آرہے ہیں اور زیادہ تر وہ ترجمۂ قرآن مانگتے ہیں۔کچھ روسی بھی آئے اور انھوں نے روسی زبان میں قرآن کا ترجمہ طلب کیا۔

14 فروری 1986

تذکیر القرآن کے 26 پارے ہو گئے ہیں۔جب میں اس کو سوچتا ہوں تو یہ سب مجھے ایک خواب معلوم ہوتا ہے۔تذکیر القرآن سب سے پہلے کسی قدر مختلف شکل میں الجمعیۃ ویکلی میں شروع ہوا۔مگر چند قسطوں کے بعد اس کا سلسلہ بند ہوگیا۔اس کے بعد الرسالہ میں اس کا سلسلہ موجودہ شکل میں شروع ہوا تو اس کو میں نے اپنی ہلاکت کی قیمت پر لکھا ہے۔اس کا ہر صفحہ اس طرح لکھا گیا ہے کہ مجھے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اب اس کا اگلا صفحہ لکھنا مجھے نصیب نہ ہوگا۔

تذکیر القرآن سے میرا لگاؤ اتنا زیادہ رہا ہے کہ اس رات کو جب کہ میرا ہاتھ بجلی کے جنکشن باکس میں تھا اور بجلی کی لہریں میرے جسم میں دوڑ رہی تھیں۔اس وقت بھی مجھے یہی فکر لاحق تھی کہ میرا تو آخر وقت آگیا، اب تذکیر القرآن کو کون مکمل کرے گا (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو، الرسالہ، اکتوبر 1983، بعنوان: دوبارہ زمین پر)۔

آخر کار جب تذکیر القرآن کے 10 پارے ہو گئے تو مذکورہ بالا نفسیات کی بنا پر مجھے محسوس ہوا کہ اب اس کی آخری حد آ گئی۔ اب میں اس کے آگے کچھ نہ لکھ سکوں گا۔ میں نے چاہا کہ میری زندگی ہی میں اس کی پہلی جلد چھپ جائے۔ مگر اس وقت میرے پاس ضروری رقم موجود نہ تھی۔ اللہ تعالیٰ نے عین اسی زمانے میں عزیزم شکیل احمد خاں کو دلی بھیجا۔ ان کو جب معلوم ہوا کہ تذکیر القرآن کی پہلی جلد چھپنے کے لیے تیار ہے تو وہ اس کی رقم فراہم کرنے کے لیے آمادہ ہو گئے۔ وہ فوراً کلکتہ گئے اور ہوائی جہاز سے واپس آ کر 25 ہزار روپے میرے حوالے کر دیا۔

اس کے بعد میری توقعات کے خلاف مزید 5 پارے ہو گئے تو دوبارہ پہلی جلد 15 پاروں کے ساتھ چھاپی گئی۔ اب خدا کے فضل سے 26 پارے ہو گئے ہیں اور کام تیزی سے جاری ہے۔ ان شاء اللہ، امید ہے کہ 1986 میں اس کی دوسری اور آخری جلد چھپ جائے گی۔ کیونکہ تحریر کے ساتھ اس کی کتابت کا کام بھی جاری ہے۔ ایک کاتب مستقل طور پر صرف تذکیر القرآن کی کتابت کر رہے ہیں۔

15 فروری 1986

جناب عبدالرحمٰن انتولے (سابق چیف منسٹر مہاراشٹر) کا خط مورخہ 11 فروری 1986 کو موصول ہوا۔ یہ چھ صفحات کا خط ہے۔ ان کو حال میں اتفاق سے الرسالہ اردو کا شمارہ نمبر 110 (جنوری 1986) اور 111 (فروری 1986) ملا۔ وہ اس سے غیر معمولی طور پر متاثر ہوئے۔ وہ لکھتے ہیں:

''پوری طرح ہر لفظ کو باقاعدہ غور سے پڑھا۔ لطف اندوز ہو کر ختم کیا۔ زبان سے بے ساختہ سبحان اللہ نکل پڑا۔ اور دل نے اس زمانہ کا مجتہد پالیا۔ آپ کا قلم جہاد میں اور آپ کا دل و دماغ اجتہاد میں مشغول ہے۔ پھر میں نے سوچا کہ اس قدر بڑی نعمت کو پانے میں میری زندگی کے تقریباً گیارہ مہینے صرف ہو گئے۔ آپ کا انداز قرآنی ہے، پھر مخاطب کو سمجھنے میں پریشانی کیسے ہو۔ حضرت مولانا ابوالکلام، حضرت مولانا مودودی اور حضرت مولانا وحید الدین۔ پہلے کا انداز عالمانہ، دوسرے کا فاضلانہ اور تیسرے کا عاقلانہ۔ اور کبھی بھی عالم ہو یا فاضل، بغیر عاقل ہوئے علم وفضل بے معنی ہیں''۔

اگلے دن انتولے صاحب کے داماد آئے۔ ان کے ساتھ مہاراشٹر کے سابق ہوم سکریٹری بھی

تھے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے بہت سے وزیروں اور چیف منسٹروں کو دیکھا ہے مگر جو قوت اخذ (grasp) میں نے انتولے صاحب میں دیکھا وہ کسی کے اندر نہیں پایا۔ (جناب عبد الرحمن انتولے کا 2 دسمبر 2014 کو انتقال ہو چکا ہے)۔

16 فروری 1986

مسٹر پریم نارائن گپتا آج مولانا حمید اللہ ندوی کے ساتھ بھوپال سے دہلی آئے۔ انہوں نے آتے ہی کہا: آج میں ایک سچے انسان سے ملنے کی خوشی حاصل کر رہا ہوں۔ وہ الرسالہ اردو اور انگریزی پابندی سے پڑھ رہے ہیں اور بہت متاثر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم مسائل پر آپ جس طرح لکھتے ہیں، اس کو مسلمان کیسے برداشت کرتے ہیں؟ اور آپ کو اس طرح لکھنے کی جرأت کیسے ہوتی ہے؟ میں نے کہا کہ میں جو کچھ لکھتا ہوں دلیل سے لکھتا ہوں اور جو شخص دلیل پکڑا ہوا ہو اس کی کاٹ کسی کے لیے ممکن نہیں۔

انہوں نے میری کتاب ''پیغمبر انقلاب'' اور مولانا سید سلیمان ندوی کی کتاب ''خطبات مدراس'' حال میں پڑھی ہے۔ خطبات مدراس ان کو پسند نہیں آئی۔ کیوں کہ اس میں پیغمبر اسلام کو اس طرح پیش کیا گیا ہے گویا کہ وہ مسلمانوں کے قومی ہیرو ہیں۔ اس کے برعکس، میری کتاب میں رسول اللہ ایک حقیقی عالمی پیغمبر کے روپ میں نظر آتے ہیں۔ گپتا صاحب کو میں نے دو کتابیں بطور ہدیہ دیں: ایک ''اللہ اکبر'' اور دوسری ''حل یہاں ہے''۔

حقیقی مومن

موجودہ دنیا میں اصل اہمیت یہ نہیں ہے کہ آدمی نے بظاہر کس حال میں زندگی گزاری، اچھے حال میں یا بُرے حال میں۔ اصل اہمیت کی بات یہ ہے کہ آدمی جس حال میں بھی ہو اُس سے وہ تعلق باللہ کی غذا لے سکے۔ زندگی کا ہر تجربہ اُس کو اللہ سے قریب کرنے والا ثابت ہو۔ اُس کی روح ہر صورتِ حال سے ربّانی غذا لیتی رہے۔ کائنات کے ہر مشاہدہ میں وہ اللہ کا جلوہ دیکھ سکے۔ زندگی کا ہر خوش گوار تجربہ اُس کو اللہ کی رحمت کی یاد دلائے، اور زندگی کا ہر تلخ تجربہ اُس کے لیے تقویٰ کا سبب بنتا رہے۔ ناکامی بھی اُس کو خدا کی یاد دلائے اور کامیابی بھی اُس کو خدا سے قریب کر دے۔

اولاد کی تربیت

جناب خورشید اکرم سوز (پیدائش 1965ء) ایک سنجیدہ اور دینی ذہن رکھنے والے انسان ہیں۔ وہ ایک طویل مدت سے الرسالہ کے قاری ہیں۔ مولانا سے کئی مرتبہ ان کی ملاقات اور خط وکتابت رہی ہے۔ فروری 2002 کی بات ہے۔ انھوں نے خط کے ذریعے مولانا کو بتایا تھا کہ ”میرا ایک ہی بیٹا ہے۔ میں اپنے بیٹے کو مدرسہ کی تعلیم دینا چاہتا ہوں، اور دین کی خدمت کے لیے وقف کرنا چاہتا ہوں۔ اس سلسلے میں آپ سے مشورہ درکار ہے“۔

مولانا نے جوابی خط میں جو بات لکھی، وہ ہر ایک والدین کے لیے ایک رہنما نصیحت ہے۔ مولانا نے لکھا تھا کہ ”خالق کے منصوبۂ تخلیق کے مطابق، آپ صرف اپنے بچے کی اچھی تربیت کرسکتے ہیں، مگر آپ اپنے جذبات کو اپنے بچے پر نافذ نہیں کرسکتے۔ آپ کی زندگی آپ کے ہاتھ میں ہے اور بچے کی زندگی کا مالک خدا ہے۔ بچہ، مال اور جائداد کی طرح وقف کرنے کی چیز نہیں ہے۔ وہ خود اپنی آزادی سے اپنا فیصلہ کرے گا جب وہ ہوش سنبھالے گا۔ اس وقت تک آپ اس کی اچھی تعلیم وتربیت کا انتظام فرمائیں اس کے بعد اعلیٰ تعلیم کے لیے کسی اچھے ادارے کا انتخاب فرمائیں“۔

عام طور پر والدین اس فطری حقیقت کو نہیں سمجھتے ہیں۔ انس بن مالک کے حوالے سے ایک حدیثِ رسول یہ ہے: أَكْرِمُوا أَوْلَادَكُمْ وَأَحْسِنُوا أَدَبَهُمْ (ابن ماجہ، حدیث نمبر 3671)۔ یعنی اپنی اولاد کے ساتھ بہتر سلوک کرو، اور ان کو اچھا ادب سکھاؤ۔ اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ والدین اپنی اولاد کو زندگی کا بہتر طریقہ سکھائے۔ یعنی یہ سکھانا کہ بیٹا یا بیٹی بڑے ہونے کے بعد دنیا میں کس طرح رہیں کہ وہ کامیاب ہوں، وہ اپنے گھر اور اپنے سماج کے لیے بوجھ (liability) نہ بنیں، بلکہ وہ اپنے گھر اور اپنے سماج کا سرمایہ (asset) بن جائیں۔ تربیتِ اولاد کے تعلق سے انگریزی کا ایک قول ہے:

“Parents can only give good advice or put them on the right path, but the final shaping of a person’s character lies in their own hands.”

یعنی والدین اپنے بچوں کو اچھی نصیحت کرسکتے ہیں، یا درست راستے کی طرف رہنمائی کرسکتے ہیں، لیکن انسانی شخصیت کی فائنل تشکیل خود انسان کے اپنے ہاتھوں میں ہوتی ہے۔ (ڈاکٹر فریدہ خانم)

کیپچا ٹسٹ

انٹرنیٹ پر آپ جب بھی کوئی نیا ای میل اکاؤنٹ یا کسی بھی طرح کا کوئی اکاؤنٹ بنانے جاتے ہیں تو کیپچا (CAPTCHA) سے آپ کا واسطہ ضرور پڑتا ہے۔ یہ آڑھے ٹیڑھے حروف پر مشتمل ایک تصویر ہوتی ہے جسے پڑھ کر دیے ہوئے باکس میں لکھنا ہوتا ہے۔

کیپچا ایک آزمائش ہے، جو ویب سائٹ پر اس بات کا یقین کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے کہ ایک حقیقی انسان ویب سائٹ پر ہے، کوئی ہیکر، یا سسٹم کو دھوکہ دینے کی کوشش کرنے والا سافٹ ویئر پروگرام تو نہیں ہے۔ اس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ ہیکروں کو کسی فرد یا کمپنی، وغیرہ کے پاسورڈ والے اکاؤنٹس کے مس یوز سے روکا جائے۔ کسی سافٹ ویئر پروگرام کے لیے اس تصویر میں لکھے ہوئے حروف کو پڑھنا انتہائی مشکل ہے۔ لیکن انسان چند سیکنڈز میں ان الفاظ کی شناخت کرسکتا ہے:

A CAPTCHA is a type of challenge–response test used in computing to determine whether or not the user is human. It is a type of security measure known as challenge-response authentication. It helps protect you from spam and password decryption by asking you to complete a simple test that proves you are human and not a computer trying to break into a password protected account.

یہ ایک مثال ہے، جس سے انسانی زندگی کی ایک فطری حقیقت کو سمجھا جاسکتا ہے۔ انسانی زندگی میں پیش آنے والی مصیبتوں کی حیثیت چیلنج رسپانس ٹسٹ (challenge-response test) کی ہے۔ اس سے انسان کو یہ موقع ملتا ہے کہ وہ اپنے اندر اعلیٰ انسانی صفت پیدا کرے۔ وہ خود کو ذہنی ارتقا کے سفر پر گامزن کرسکے۔ وہ خود کو اور اچھا انسان بنا سکے۔ یعنی دنیا میں مشکلات کیوں پیش آتی ہیں۔ وہ اس لیے کہ ایک سنجیدہ انسان کو جب مشکلات پیش آئیں تو وہ صبر سے کام لے، اپنا احتساب کرے اور مثبت ذہن کے ساتھ اپنے زندگی کی ری پلاننگ کرے تاکہ اس کی معرفت کا سفر بلا روک ٹوک جاری رہے۔ (ڈاکٹر فریدہ خانم)

اقوالِ حکمت

آدمی کے لیے ہمیشہ دو میں سے ایک کے انتخاب کا موقع ہوتا ہے۔ مگر نادان آدمی تیسرا انتخاب لینے کی کوشش کرتا ہے، جو موجودہ دنیا میں سرے سے کسی کے لیے ممکن ہی نہیں۔

* * *

ذاتی انٹرسٹ کے معاملہ میں ہر آدمی ہیرو بنا ہوا ہے اور جہاں ذاتی انٹرسٹ کا معاملہ نہ ہو وہاں ہر آدمی زیرو نظر آتا ہے۔

* * *

لوگ جو کچھ چاہتے ہیں اس کو وہ پاتے نہیں، کیوں کہ وہ اس کی قیمت دینے کے لیے تیار نہیں ہوتے۔

* * *

کسی مسلمان کے پاس شکایت کی باتیں ہیں اور کسی مسلمان کے پاس فخر کی باتیں۔ ایک نے صبر کو حذف کر رکھا ہے اور دوسرے نے شکر کو۔

* * *

سب سے اعلیٰ انسانی صفت سنجیدگی ہے اور سب سے پست انسانی صفت کمینگی۔

* * *

حق کے آگے نہ جھکنا خدا کے آگے نہ جھکنا ہے۔ ایسے لوگ یقیناً خدا کے باغی ہیں، خواہ بظاہر وہ رکوع اور سجدہ کر رہے ہوں۔

* * *

لوگ بولنا جانتے ہیں، مگر وہ سننا نہیں جانتے۔ اگر وہ سننے والے بن جائیں تو وہ زیادہ بہتر طور پر بولنے والے بن سکتے ہیں۔

بہت سے لوگ مولانا کے زیرِ بار ہیں

المورد (لاہور) میں ہفتہ وار بیٹھک تھی۔ خودکشی کا موضوع زیرِ بحث تھا۔ اک نوجوان اپنی آپ بیتی کہنے لگا۔ نوجوان کی باتوں کا خلاصہ یہ ہے: ''میں خودکشی کے سارے عمل سے گزر کر آیا ہوں۔ شدید اضطراب کی کیفیت سے دوچار، زندگی سے بیزار۔ ہر وقت اسی قلق میں مبتلا۔ کب وہ لمحہ آئے اس قیدِ حیات سے آزاد ہو جاؤں۔ بالآخر ایک دن میں نے یہ ٹھان لیا تھا کہ آج مجھے خودکشی کرنی ہے۔ اس کے لیے میں یوٹیوب پر سرچ کر رہا تھا کہ مرنے کا آسان طریقہ کیا ہو سکتا ہے؟ اسی دوران اچانک مولانا وحید الدین خان کی ایک ویڈیو کلپ سامنے آ گئی۔ نہ چاہتے ہوئے بھی میں نے اس ویڈیو پر کلک کر دیا۔ اس ویڈیو نے میری زندگی کی کایا ہی پلٹ دی۔ وہ لمحہ!! میں جانتا ہوں، یا میرا خدا۔ کئی دنوں تک تسلسل کے ساتھ مولانا کو سنتا رہا۔ اس کے بعد اپنے معالج سائیکیٹرسٹ کے پاس پہنچا۔ وہ حیران تھے کہ اتنے دن سے میڈیسن استعمال نہیں کی۔ لیکن اس قدر ہشاش بشاش کیسے؟ میں نے بتایا کہ مولانا نے مجھے خودکشی سے بچا کر خدا سے ملوا دیا۔ اگر اس وقت مولانا زندہ ہوتے تو میں ان سے ملنے ضرور جاتا''۔

حقیقت یہ ہے کہ بہت سے لوگ مولانا کے زیرِ بار ہیں! ایک طویل فہرست کو تو میں جانتا ہوں، گمنام پتہ نہیں کتنے ہوں گے۔ یہ لوگ اپنی زندگیوں سے بیزار ہو چکے تھے۔ مولانا نے اپنی گفتگو و تحریر کے ذریعے ان کی زندگی کو ایک نیا حوصلہ دیا، امید کی کرن دکھا دی، سسکیوں کو مسکراہٹوں میں تبدیل کر دیا اور ایک خاص انداز سے ان کو ان کے حقیقی رب سے روشناس کروا کر حصولِ مقصد کی شاہراہ پر گامزن کر دیا اور کتنوں کو موت و ہلاکت کی وادی میں جانے سے بچا لیا۔

میں بھی انہی میں سے ایک ہوں۔ جب بھی ناامیدی کا شکار ہونے لگتا ہوں، ہر بار مولانا کی تحریر لڑکھڑاتی وڈگمگاتی زندگی کو اک نئی سمت عطا کرتی ہے، اک حوصلہ نصیب ہوتا ہے، مقصدِ حیات تروتازہ ہو جاتا ہے، رب تعالیٰ کے قرب کی جستجو پیدا ہو جاتی ہے۔ خدا مولانا کی لحد پہ رحمتوں کی برکھا برسائے اور ان کو ان کے اس عمل کا اپنی شایانِ شان اجر دے۔ (جریر حسین، +9230669*****)

خبر نامہ اسلامی مرکز — 279

1۔ ماشاءاللہ، الرسالہ میں موجود ایک ایک آرٹیکل موجودہ پریشان کن حالات سے نپٹنے کا خوبصورت حل پیش کرتا ہے۔ اگر الرسالہ کا پیغام ہر ہر مسلمان تک پہنچ سکے، اور وہ اسے سمجھ جائیں تو ہماری زندگیوں میں ایک خاموش انقلاب آسکتا ہے۔ جزاک اللہ خیرا کثیرا (ڈاکٹر محی الدین، آندھرا پردیش، انڈیا)۔

2۔ 9 فروری 2022 ایران کلچر ہاؤس، نئی دہلی کے زیر اہتمام ایک آن لائن پروگرام منعقد کیا گیا۔ پروگرام کا موضوع تھا، حضرت فاطمہ کی تعلیمات۔ سی پی ایس انٹرنیشنل کی چیر پرسن ڈاکٹر فریدہ خانم نے اس پروگرام کو خطاب کیا، اور پیغام دیا کہ حضرت فاطمہ کی زندگی سے ہمیں اپنی روزمرہ کی زندگی میں کیا سبق ملتا ہے۔ اور ہم خواتین موجودہ دور میں ان کی تعلیمات کو کیسے اپنی زندگی پر اپلائی کرسکتے ہیں۔ خطاب کافی پسند کیا گیا۔

3۔ ودیا جیوتی کالج آف تھیولوجی، نئی دہلی میں سی پی ایس انٹرنیشنل دہلی کی چیر پرسن، ڈاکٹر فریدہ خانم، اور سی پی ایس ممبر مولانا فرہاد احمد نے 2 ستمبر 2022 کو اسٹوڈنٹس کے سامنے قرآن، پیغمبر اسلام، اور مولانا وحید الدین خاں صاحب کی تعلیمات کے متعلق انگریزی زبان میں لکچر دیا۔ لکچر کے بعد سوال و جواب کا سیشن ہوا، ڈاکٹر فریدہ خانم نے سوالات کے جواب دیے۔ آخر میں تمام سامعین کو انگریزی ترجمۂ قرآن اور دیگر اسلامی لٹریچر دیا گیا۔

4۔ کیپٹن خرم قریشی ایر انڈیا میں پائلٹ ہیں۔ اسی کے ساتھ وہ ایک سنجیدہ داعی بھی ہیں۔ ان کی دعوت کا ایک طریقہ یہ ہے کہ وہ جہاں بھی جاتے ہیں مقامی لوگوں سے ملاقات کرکے دعوتی مواقع تلاش کرتے ہیں، اور دعوتی مشن کو آگے بڑھانے کا کام کرتے ہیں۔ ذیل میں ان کے دو اسفار کا حال ان کے الفاظ میں ذکر کیا جارہا ہے:

"On 27.07.22, I met CPS members Muhiuddin Sb and Firdous Sb in Goa. Firdous Sb is the son of Siraj Sb, our senior CPS member, who has been distributing Quran and has been engaged in dawah for an extended period in Goa. His son Firdous Sb has been focusing on Quran distribution and carrying the family contribution towards the cause of God. I also met Muhiudddin sb, who has been doing amazing work on the Quran translation in Bengali and is reaching out with peace concepts amongst Muslims. Both are doing amazing work. A team expansion initiative with monthly meetings had been agreed upon to take the Quran distribution and building of dayees. All are requested to do special dua for the Goa Team. My experience only brings a feeling of Alhamdulillah."

